منصوبہ بندی اور ترقیات ڈویژن کا مراسلہ نمبر ــــــ مورخہ ــــــ جو صوبائی حکومتوں کو بھیجا گیا ہے اور جس کی نقول جملہ وزارتوں / ڈویژنوں کو بھیجی گئی ہیں، ہمراہ ملفوف ہے۔

۲۔ ازراہِ کرم اپنے ادارے / محکمے کی طرف سے سرکاری شعبے کا ترقیاتی پروگرام برائے ــــــ ۱۹ء مجوزہ مرسومہ پر مذکورہ بالا مراسلے میں دی گئی ہدایات کی روشنی میں جلد از جلد تیار کرائیں اور جیسا کہ منسلکہ د میں کہا گیا ہے اس کی چار نقول اس ڈویژن کو بھی بھیجیں۔ ایسے نئے منصوبے جن کی منظوری وفاقی وزارتوں کے اختیار میں نہیں ہے، منصوبہ بندی اور ترقیات ڈویژن کو مورخہ ــــــ تک ارسال کر دیے جائیں۔

۳۔ سرکاری شعبے کا ترقیاتی پروگرام برائے ــــــ ۱۹ء بھی جو سالانہ ترقیاتی منصوبے سے باہر رہے مراسلے میں بیان کردہ طریق کار کے مطابق بھیج دیجیے۔

نائب معتمد

متعدد ذیلی محکمے

وزارت ثقافت و سیاحت / صیغہ منصوبہ بندی اور ترقیات

غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور ڈویژن)

موضوع: کچی آبادیوں کی باضابطگی اور ترقی

مندرجہ بالا موضوع پر منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے۔

آپ کی طرف سے ارسال کردہ کیفیت جو کچی آبادی کی باضابطگی اور ترقی کے ضمن میں حکومت کی اضافی مالی ذمہ داری کے بارے میں تھی، اطمینان بخش نہیں ہے۔ یہ کیفیت آپ کو واپس بھیجی جا رہی ہے۔ از راہِ کرم اسے دی گئی ہدایات کے مطابق دوبارہ تیار کر کے بھیجیں۔

شریک معتمد

فون نمبر ــــــ

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن اسلام آباد

ماحولیات و شہری امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور کا ڈویژن)

موضوع: وزیر خزانہ کی بجٹ تقریر برائے سال ـــ ۱۹ء کی پیش رفت رپورٹ

بحوالہ موضوع بالا پر صیغہ رابطہ کاری کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــ مورخہ ـــ صیغۂ علاقائی منصوبہ بندی کے ضمن میں مطلوبہ پیش رفت رپورٹ برائے ماہ ـــ ۱۹ء، تین نقول کی صورت میں حسبِ ایما ارسال ہے۔

علاقائی افسر (منصوبہ بندی)

افسر صیغہ (رابطہ کاری)، ماحولیات و شہری امور ڈویژن

ماحولیات و شہری امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــ مورخہ ـــ

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور ڈویژن)

موضوع : وزیر اعظم کے اقتصادی اور معاشرتی پروگرام کی عمل درآمد کمیٹی کا اجلاس

ازراہ کرم معتمد اقامت کاری و تعمیرات کے لیے سات مرلہ سکیم کے بارے میں خلاصہ اس کیفیت کے ہمراہ ملاحظہ فرمائیں ۔ یہ وزیر اعظم کے اقتصادی اور معاشرتی پروگرام کی عملدرآمد کمیٹی کے اجلاس کے ضمن میں ہے جو مورخہ ــــــ کو دن کے دس بجے پی بلاک کی سماعت گاہ (آڈیٹوریم) میں نائب صدر نشین منصوبہ بندی کمیشن کی زیر صدارت ہو گا اور اس میں اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا ۔ یہ خلاصہ، ایک اور خلاصے میں، جو کچی آبادیوں کے موضوع پر بھیجا گیا تھا، شامل کر لیں ۔

علاقائی افسر منصوبہ بندی

افسر صیغہ (اقامت کاری) ماحولیات و شہری امور ڈویژن (اسلام آباد)

غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور کا ڈویژن)

موضوع : وزیر مالیات کی میزانیہ تقریر ــــ ۱۹ء میں پیش کردہ تجاویز عمل درآمد کی پیش رفت

بحوالہ موضوع بالا پر صیغہ رابطہ کاری کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ معتمد مالیات نے میزانیہ تقریر ــــ ۱۹ء کے پیرا ۵۸ اور ۵۹ میں پیش کردہ تجاویز کے نفاذ کی سست رفتاری پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ مالیات ڈویژن کی خواہش ہے کہ پیش رفت رپورٹ میں واضح طور پر بتایا جائے کہ عمل درآمد کس مرحلے پر ہے اور اب تک کون کون سے اقدامات کیے گئے ہیں ۔ اس ضمن میں مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ ملفوف ہے گزارش ہے کہ اس صیغے کی ایک مفصل اور جامع رپورٹ جلد از جلد ارسال کی جائے ۔

افسر صیغہ

علاقائی افسر منصوبہ بندی ماحولیات و شہری امور ڈویژن اسلام آباد

غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

(تنظیم مالیاتی مشیران)

موضوع: وزیر مالیات کی میزانیہ تقریر ـــــــ ۱۹ء عمل درآمد کی پیش رفت

بحوالہ وزیر مالیات کی میزانیہ تقریر کے پیرا نمبر ۵۸ اور ۵۹ جن کے ضروری اقتباسات ماحولیات وشہری امور ڈویژن کو اس تنظیم کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ کے ہمراہ ارسال کیے گئے تھے۔

۲۔ عمل درآمد کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے معتمد مالیات نے رفتار کار پر تشویش کا اظہار کیا ہے کیونکہ اب ہم رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے اختتام تک پہنچ رہے ہیں۔ ماحولیات وشہری امور ڈویژن سے درخواست ہے کہ ازراہِ کرم تازہ ترین صورتحال پر مبنی رپورٹ بھیجی جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ عمل درآمد اب کس مرحلے پر ہے۔ رپورٹ ۲۸ ستمبر تک پہنچ جانی چاہیئے۔

نائب مشیر مالیات

ماحولیات وشہری امور ڈویژن

شریک معتمد۔ ماحولیات وشہری امور ڈویژن اسلام آباد

مالیات ڈویژن، غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

حکومت پاکستان

(ماحولیات وشہری امور ڈویژن)

موضوع: وزیر مالیات کی میزانیہ تقریر برائے سال ـــــــ ۱۹ء کی پیش رفت رپورٹ، عمل درآمد کی رپورٹ

بحوالہ موضوع بالا پر افسر صیغہ (مالیات وحسابات) کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

مطلوبہ پیش رفت رپورٹ برائے ماہ ستمبر ـــــــ ۱۹ء بابت صیغہ علاقائی منصوبہ بندی، دو نقول کی صورت میں، ملفوف ہے۔

علاقائی افسر منصوبہ بندی

افسر صیغہ (رابطہ کاری) ماحولیات وشہری امور ڈویژن

ماحولیات وشہری امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

تنظیم مالی مشیران (تعمیرات)

موضوع: مورخہ ______ کو کراچی کے دورہ کے دوران وزیر اعظم کے احکام

وزیر اعظم سیکریٹریٹ کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی ایک نقل ملفوف ہے جو از خود واضح ہے۔

۲۔ ماحولیات و شہری امور ڈویژن سے درخواست ہے کہ مذکورہ بالا حوالہ میں بیان کردہ احکام کے بارے میں تازہ ترین صورت حال سے مطلع کریں۔

۳۔ اندراہِ کرم اسے "فوری" تصور کیا جائے۔

نائب مشیر مالیات

ماحولیات و شہری امور ڈویژن

نائب معتمد، ماحولیات و شہری امور ڈویژن

تنظیم مالی مشیران غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

صیغہ اقامت کاری

موضوع: مورخہ ______ کو کراچی کے دورہ کے دوران وزیر اعظم کے احکام

ازراہِ کرم وزیر اعظم سیکریٹریٹ (عوامی) کی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی نقل عمل درآمد کے لیے وصول کیجیے جو وزیر اعظم کے احکام پر مشتمل ہے۔

۲۔ وزیر اعظم کے احکام جو پیرا و، ب اور ج میں ہیں اس ڈویژن سے متعلق ہیں

۳۔ صیغہ اقامت کاری، متعلقہ حلقوں کو عمل درآمد اور پیش رفت کے سلسلے میں رپورٹیں بھیجنے کا کام کر رہا ہے اور رابطے کے فرائض بھی سرانجام دے رہا ہے لیکن چونکہ یہ کام صیغۂ رابطہ کاری کا ہے اس لیے احکام پر مشتمل مراسلہ صیغۂ رابطہ کاری کو ارسال کیا جا رہا ہے تاکہ مستقبل میں رپورٹ بھیجنے کا کام وہی کریں۔ صیغۂ اقامت کاری ہر ماہ کی تین تاریخ کو اپنی رپورٹ، جو شریک معتمد سے منظور شدہ ہوگی، بھیج دیا کرے گا کیونکہ وزارت کو یہ رپورٹ پانچ تاریخ کو بھیجنا ہوگی۔

افسر صیغہ

افسر صیغہ (رابطہ کاری)

غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور ڈویژن)

موضوع: کراچی نشتر پارک کے جلسۂ عام میں مورخہ ـــــ کو وزیر اعظم کا خطاب

از راہِ کرم حوالے کے لیے ملاحظہ ہو موضوع بالا کے افسر صیغہ (رابطہ کاری) کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

اس ضمن میں پیش رفت رپورٹ ملفوف ہے جو جولائی ـــــ ۱۹ء تک کے عرصہ پر محیط ہے۔ اس ڈویژن سے متعلق احکام بھی اس میں شامل کیے گئے ہیں۔

افسر صیغہ

افسر صیغہ (رابطہ کاری) ماحولیات و شہری امور ڈویژن اسلام آباد

ماحولیات و شہری امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حکومت پاکستان

وزارت اقامت کاری و تعمیرات

(ماحولیات و شہری امور ڈویژن)

موضوع: سات مرلہ سکیم کے بارے میں پندرہ روزہ پیش رفت رپورٹ

سات مرلہ سکیم کے بارے میں ایک جامع پندرہ روزہ رپورٹ ملفوف ہے جو صوبائی حکومتوں سے موصول شدہ اطلاعات تا اکتوبر ـــــ ۱۹ء پر مبنی ہے۔ اسے ملاحظہ فرمائیں۔

علاقائی افسر منصوبہ بندی

افسر صیغہ (اقامت کاری) ماحولیات و شہری امور ڈویژن

ماحولیات و شہری امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حکومت پاکستان

(ثقافت کھیل اور نوجوانوں کے امور کا ڈویژن)

موضوع: روٹری کلب میرپور خاص ———— وزیر اعظم کی خدمت میں مہمانِ خصوصی بننے کی درخواست

ازراہ کرم نوجوانوں کے امور کے ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت، موضوع بالا پر نمبر ———— مورخہ ———— ملاحظہ فرمائیں جس کے ہمراہ ایوان وزیر اعظم کی غیر رسمی کیفیت نمبر ———— مورخہ ———— اصل، ارسال کی گئی تھی۔

۲۔ ایوان وزیر اعظم سے ایک یاد دہانی (نمبر ———— مورخہ ————) اس سلسلے میں موصول ہوئی ہے جو اصل صورت میں بھیجی جا رہی ہے۔ گذارش ہے کہ ایوانِ وزیر اعظم کو ضروری جواب جلد از جلد ارسال کیا جائے۔

شریک معتمد

———— شریک معتمد (ثقافت، ثقافت، کھیل اور نوجوانوں کے امور کا ڈویژن

ثقافت، کھیل اور نوجوانوں کے امور - غیر رسمی کیفیت نمبر ———— مورخہ ————

ایوانِ وزیر اعظم

راولپنڈی

بحوالہ اس سیکریٹریٹ کا مراسلہ نمبر ———— مورخہ ————

گذارش کی جاتی ہے کہ جواب جلد از جلد دیا جائے۔

بریگیڈیئر

ملٹری سیکرٹری برائے وزیر اعظم

- — - - - -

- - — —-

معتمد وزارت ثقافت وسیاحت اسلام آباد

ایوانِ وزیر اعظم - غیر رسمی کیفیت نمبر ———— مورخہ ————

حکومت پاکستان

صحت ڈویژن

موضوع : **طبی اخراجات کی باز ادائیگی**

اس ڈویژن کے گشتی مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کے تسلسل میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ طبی باز ادائیگی کے طریق کار کے مکمل ہونے تک، جس میں کچھ وقت لگے گا، وزارتوں / ڈویژنوں کو موجودہ طریق کار کے مطابق زیر التوا بل ادا کرنے کی اجازت ہے۔ موجودہ طریق کار عارضی طور پر سرکاری ملازموں کو تکلیف سے بچانے کے لیے جاری کیا گیا ہے۔

۲۔ چنانچہ تمام ڈویژنوں / وزارتوں سے درخواست ہے کہ اپنے اپنے ملازمین کے بل اپنی سطح پر ہی مندرجہ بالا فیصلہ کے مطابق ادا کریں۔

۳۔ طریق کار کی ایک نقل بھی ملفوف ہے۔

افسر صیغہ

افسران صیغہ (مالیات وحسابات) تمام وزارتیں / ڈویژن

صحت ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

تعمیرات ڈویژن

موضوع : **اسلام آباد راولپنڈی، کراچی، لاہور، کوئٹہ اور پشاور میں نجی جائداد کرائے پر لینے کے لیے وفاقی دفاتر کو ہدایات**

ازراہِ کرم اس ڈویژن کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کے پیرا ۵ (iii) کی طرف توجہ مبذول کریں جو مالکان کو پیشگی کرایہ دینے کے بارے میں ہے۔ اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اگر عمارت سرکاری دفتر کے لیے کرایہ پر لی جائے تو پیشگی کرایہ کی رقم ایک سال کے کرایہ سے زیادہ نہ ہو لیکن اگر عمارت رہائش کے لیے کرایہ پر لی جا رہی ہے تو دو سال کا کرایہ پیشگی دینے کی موجودہ پالیسی برقرار رہے گی۔ آپ کی خدمت میں گذارش ہے کہ ضروری کارروائی اس ہدایت کی روشنی میں کرلی جائے۔

افسر صیغہ

افسر بکارِ خاص (املاک) دفتر املاک اسلام آباد

تعمیرات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

تعمیرات ڈویژن

موضوع: تعیّن مکان کے لیے حکمتِ عملی (الاٹمنٹ پالیسی)

یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کسی بھی وفاقی سرکاری ملازم کو اُس کے استحقاق سے اوپر کے زمرے میں گھر نہ دیا جائے۔

۲۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ اسلام آباد میں 'اے' سے 'ای' ٹائپ تک کے گھروں کی تعیّن (الاٹمنٹ) دفترِ املاک کرے گا اور اس سلسلے میں عمومی منتظر فہرست کی ترتیب سختی سے ملحوظ رکھی جائے گی۔

۳۔ چنانچہ اب تک کے وزارت اقامت کاری و تعمیرات کے احکام جو سرکاری ملازمین کو اُن کے استحقاق سے اوپر کے زمرہ میں مکانات دینے کے بارے میں اور 'اے' سے 'ای' ٹائپ تک کے مکانات کی تعیّن کے بارے میں تھے اور جن کا نفاذ تا حال نہیں ہوا، منسوخ تصور کیے جائیں گے۔ لیکن جن لوگوں کی موجودہ رہائش حکومت نے اصل مالکان کو واپس کر دی ہیں ان کے معاملات اس ڈویژن کو فیصلہ کے لیے بھیج دیے جائیں۔

۴۔ مندرجہ بالا ہدایات دفترِ املاک کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کر دی جائیں۔

افسرِ صیغہ

افسرِ املاک، اسلام آباد

تعمیرات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومتِ پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: بیرونِ ملک جانے والے وفود کے ارکان کو یومیہ الاؤنس کی ادائیگی

صدرِ پاکستان نے تلقین فرمائی ہے کہ بیرونِ ملک جانے والے وفود کے ارکان کو یومیہ الاؤنس، اُن کا سفر شروع ہونے سے پہلے ادا کیا جائے۔ چنانچہ تمام وزارتوں، ڈویژنوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایسے تمام معاملات میں جو اب تک معرضِ التوا میں پڑے ہوئے ہیں، فوراً ادائیگی کی جائے۔ پاکستانی سفارت خانوں کو حتی الامکان ایسی ادائیگیاں کرنے کی زحمت نہ دی جائے سوائے ان معاملات میں جہاں ارکان کا قیام، ناگزیر حالات کی بنا پر طے شدہ پروگرام سے زیادہ ہو جائے۔

افسرِ صیغہ

افسرانِ صیغہ (مالیات و حسابات) تمام وزارتیں/ڈویژن

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: تحقیقی دستاویزات اور مطبوعات کی فراہمی

اس ڈویژن کے عملے اور افسروں کے استفادہ کے لیے ایک مختصر لائبریری قائم کی جا رہی ہے۔ آپ کی خدمت میں درخواست ہے کہ تمام تحقیقی اور اطلاعاتی دستاویزات جو مفید اور اہم ہوں، نیز اپنی تمام مطبوعات کی ایک ایک نقل بھی لائبریری کے ریکارڈ کے لیے ارسال کی جائے۔ ایسی مطبوعات اور دستاویزات کے پرانے نسخے یا ایڈیشن بھی بھیجے جائیں۔

نائب معتمد

جملہ ڈویژن / وزارتیں

امور عملہ ڈویژن غیر رسمی کیفیت ——— نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

سیاحت ڈویژن

موضوع: ناظم ادارۂ سیاحت و ہوٹل نظم و نسق کا عارضی چارج

از راہِ کرم اپنے مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف، جو معتمد سیاحت ڈویژن کو ارسال کیا گیا تھا، توجہ کریں۔

معتمد سیاحت نے منظوری دے دی ہے کہ جناب ——— ——— ——— نائب ناظم ادارۂ سیاحت و ہوٹل نظم و نسق اپنے کام کے ساتھ ساتھ تا حکم ثانی اور فی الفور ناظم کے عہدے کا عارضی چارج بھی لیں۔

افسر بکارِ خاص (انتظامیہ)

ناظم، پاکستان ادارۂ سیاحت و ہوٹل نظم و نسق کراچی

سیاحت ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومتِ پاکستان

وزارت ثقافت و سیاحت

(سیاحت ڈویژن)

موضوع: سابق ڈائریکٹر (ناظم ادارۂ سیاحت و ہوٹل نظم و نسق جناب ۔ ۔ ۔ کے رہائشی ٹیلی فون کی پرائیویٹ ٹیلی فون میں منتقلی

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ اس ڈویژن کو کوئی اعتراض نہیں اگر سابق ناظم جناب .... کی قیام گاہ پر لگے ہوئے ٹیلی فون کو نجی (پرائیویٹ) فون میں، یعنی ان کے اپنے نام پر منتقل کر دیا جائے۔

افسرِ صیغہ

ناظم پاکستان ادارۂ سیاحت و انتظام ہوٹل کراچی

سیاحت ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومتِ پاکستان

وزارت ثقافت و سیاحت

(سیاحت ڈویژن)

موضوع: ۱۸ گزری روڈ کراچی کی آرائش اور اضافی تزئین کے لیے مبلغ ۔۔۔۔ روپے کی منظوری

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنے ادارہ کے مراسلہ نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ یہ مسئلہ جون ___ ۱۹ء میں ختم ہو گیا تھا جب مجلس (بورڈ) نے اپنا فیصلہ دے دیا تھا جو مندرجہ ذیل ہے۔

"چونکہ اس سلسلے میں کوئی تحریری معاہدہ موجود نہیں اس لیے مجلس (بورڈ) جناب .... اور ان کے شریک کو کوئی اضافی رقم ادا کرنے سے قاصر ہے۔"

۳۔ اب اس مسئلے کو دوبارہ اٹھانا ممکن نہیں ہے۔

افسرِ صیغہ

ناظم پاکستان ادارۂ سیاحت و ہوٹل نظم و نسق کراچی

سیاحت ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان

سیاحت ڈویژن

موضوع : پاکستان ہوٹل / ریستوران ایکٹ ۱۹۷۶ء کے تحت جرمانے

ازراہِ کرم حکومت سرحد کے محکمۂ اطلاعات اور ثقافت و سیاحت کی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس کے ساتھ اس ڈویژن کا مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ بھی ملفوف تھا۔ مراسلہ میں گذارش کی گئی تھی کہ حکومت سرحد ایک اعلامیہ جاری کرے جس کے تحت ہوٹل اور ریستوران ایکٹ مجریہ ۱۹۷۶ء اور سفری ایجنسیوں کا ایکٹ مجریہ ۱۹۷۶ء کا اطلاق سوات، دیر اور چترال کے علاقوں پر ہوگا۔

۲۔ تا حال اس سلسلے میں آپ کی طرف سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی آپ اتفاق کریں گے کہ ان قوانین کو ان علاقوں میں جاری کرنے کے لیے اعلامیے کا اجرا بے حد ضروری ہے۔ گذارش ہے کہ جلد سے جلد اعلامیہ جاری کیا جائے تاکہ محکمۂ سیاحتی خدمات کو قوانین کے نفاذ میں دشواریاں نہ پیش آئیں۔ اعلامیہ کی بعد از اجرا ایک نقل اس ڈویژن کو بھی ارسال کی جائے۔

نائب معتمد

معتمد داخلہ و قبائلی امور حکومت سرحد، پشاور

سیاحت ڈویژن اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

سیاحت ڈویژن

موضوع : جناب ______ ناظم مالیات، ترقی سیاحت کارپوریشن پاکستان کی ریٹائرمنٹ

ازراہِ کرم اس کیفیت کے ہمراہ امور عملہ ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ ملاحظہ فرمائیں اس سلسلے میں گزارش ہے کہ استحقاق رخصت کا تصدیق نامہ اس ڈویژن کو جلد از جلد بھیجا جائے تاکہ وہ امور عملہ ڈویژن کو روانہ کیا جا سکے۔

معاون سربراہ

نائب ناظم انتظامی ترقی سیاحت کارپوریشن پاکستان اسلام آباد

سیاحت ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

دفتر حساب دار اعلیٰ عسکری حسابات

موضوع : <u>حسابات کی عمومی حالت کی رپورٹ</u>

آپ نے مندرجہ بالا رپورٹ میں جو دو معاملات شامل کرنے کے لیے تجویز کیے ہیں اچھی طرح جانچ لیے گئے ہیں جہاں تک اس چیز کا تعلق ہے کہ کارہائے امانت ———— بغیر پیشگی انتظامی اور تکنیکی منظوری کے اور بغیر پیشگی رقم فراہم کیے بغیر شروع کر دیے گئے ہیں اس دفتر کی یہ رائے ہے کہ یہ مسئلہ حسابات کی عمومی حالت کی رپورٹ میں شامل ہونا چاہیئے۔ نہ کہ اس رپورٹ میں

جہاں تک دوسرے معاملے کا تعلق ہے اس سلسلے میں مخصوص نظائر اور دلائل پیش کیے جائیں تا کہ فیصلہ کیا جا سکے۔

نائب حساب دار اعلیٰ عسکری حسابات

<u>نگرانِ کار عسکری حسابات چکلالہ راولپنڈی</u>

دفترِ حساب دار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ———— مورخہ ————

دفتر نگران کار عسکری حسابات

(تنظیم سرحدی تعمیرات)

چک لالہ

موضوع : <u>حسابات کی عمومی حالت</u>

ازراہ کرم حساب دار اعلیٰ عسکری حسابات کے دفتر کے مراسلہ نمبر ———— مورخہ ———— کی طرف رجوع کریں۔

اس ضمن میں گذارش ہے کہ اس دفتر کے محاسبہ کے دائرے میں واقع یونٹوں (تنظیموں) کے حسابات کی عمومی حالت تسلی بخش ہے اور کوئی تشویش ناک مالی بے ضابطگی جنوری ———— ۱۹ء سے جون ———— ۱۹ء تک واقع نہیں ہوئی ہے۔

نگرانِ کار کنٹرولر عسکری حسابات

<u>دفترِ حساب دار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی</u>

نگرانِ کار عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ———— مورخہ ————

دفترِ حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع : سالانہ ترقی کے لیے درکار کم سے کم مدتِ ملازمت

مالیات ڈویژن، از راہِ کرم اپنی دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کریں جس میں کہا گیا ہے کہ بنیادی سکیل ۱۸- اور اُس سے اوپر تنخواہ کے تعین کے لیے کم از کم چھ ماہ کی مدتِ ملازمت، متعلقہ مرحلے پر ضروری ہے۔

۲- یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر کسی افسر کی مقررہ مدتِ ملازمت مکمل ہونے کی تاریخ سے ایک دن پہلے ترقی ہو جائے اور وہ متعلقہ مرحلے پر چھ ماہ کی مدت بھی پوری کرے تو کیا وہ اُس سال کے یکم دسمبر کو وہ سالانہ ترقی کا حق دار ہوگا یا نہیں ؟

۳- اس دفتر کی رائے یہ ہے کہ چونکہ ایسا افسر دونوں شرائط پوری کر لیتا ہے اس لیے مقررہ تاریخ پر سالانہ ترقی کا حق دار ہے۔ اگر یہ رائے صحیح ہے تو از راہِ کرم اس کی تائید کی جائے۔

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

مالیات ڈویژن (جناب ـ ـ ـ ـ شریک معتمد) اسلام آباد

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

حکومتِ پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع : سالانہ ترقی کے لیے درکار کم سے کم مدتِ ملازمت

بحوالہ موضوع بالا پر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

۲- مذکورہ بالا غیر رسمی کیفیت کے پیرا ۳ میں جس رائے کا اظہار کیا گیا ہے اُس کی تائید کی جاتی ہے۔

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان (جناب ـ ـ ـ ـ) اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

حوالہ : مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی رُو سے بنیادی قواعد (F.R.) نمبر ــــــــ کے تحت، خصوصی مہنگائی الاؤنس کی اجازت دی گئی تھی لیکن مورخہ ــــــــ سے قومی تنخواہوں کے سکیل کے اجرا کے بعد مہنگائی الاؤنس کی مجموعی رقم کا حساب بنیادی تنخواہ کے ۱۰ فیصد کی شرح سے مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی بنیاد پر لگایا جاتا تھا اور جہاں تک "خصوصی تنخواہ" کا تعلق ہے اُس کا حساب الگ ہوتا تھا۔ اس لحاظ سے افسر مذکور کی تنخواہ کا تعین درست ہوا ہے۔

معاون حساب دار اعلیٰ

مالیات ڈویژن (جناب ــــ ــــ ــــ) نائب معتمد) اسلام آباد

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع : جناب ــ ــ ــ حساب دار کی تنخواہ کا تعین

بحوالہ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

۲۔ ابتدا میں مذکورہ بالا دفتری یادداشت کی دفعات کا اطلاق مختصر نویسوں / معتمد اضافی معتمد اور شریک معتمد کے ذاتی معاونین پر کیا گیا تھا۔ بعد میں آپ کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی رو سے اس کا اطلاق پاکستان قومی مراکز (پاکستان نیشنل سنٹرز) کے ناظم اعلیٰ کے ذاتی معاون پر بھی کر دیا گیا تھا۔

۳۔ حساب دار اعلیٰ، محاصل پاکستان اور ناظم اعلیٰ، پاکستان قومی مراکز دونوں ہی بنیادی سکیل ۲۰ کے افسران ہیں اور دونوں اپنے اپنے محکموں کے سربراہ بھی ہیں۔ جناب ــ ــ ــ نے درخواست کی ہے ان کی خصوصی تنخواہ کو بھی جو وہ حساب دار اعلیٰ کے ذاتی معاون کی حیثیت سے لے رہے تھے تحفظ دیا جائے اور یہ اُس تنخواہ میں ضم کر دی جائے جو بطور حساب دار ترقی پانے پر وہ مورخہ ــــــــ سے لے رہے ہیں۔

۴۔ جناب ــ ــ ــ ــ کا معاملہ جناب ــ ــ ــ ذاتی معاون برائے ناظم اعلیٰ پاکستان قومی مرکز کے مشابہ ہے۔

۵۔ گذارش ہے کہ مذکورہ بالا افسر کی درخواست منظور کرنے کی اجازت مرحمت کی جائے۔

حساب دار اعلیٰ اضافی

محاصل پاکستان

مالیات ڈویژن (جناب ــ ــ ــ نائب معتمد) اسلام آباد۔

دفتر حساب دار اعلیٰ، محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع : جناب ـــ ـــ حساب دار کی تنخواہ کا تعین

ازراہ کرم مذکورہ بالا موضوع پر مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ ملاحظہ کریں۔

۲۔ اس سلسلے میں گذارش ہے کہ بطور حساب دار ترقی پانے سے پیشتر جناب ـ ـ ـ ـ بنیادی سکیل ۱۴ کی تنخواہ وصول کر رہے تھے۔

معاون افسر حسابات

جناب ـ ـ ـ ـ افسر صیغہ مالیات ڈویژن اسلام آباد

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان

موضوع : جناب ـ ـ ـ ـ حساب دار کی تنخواہ کا تعین

مندرجہ بالا موضوع پر مالیات ڈویژن، ازراہ کرم اپنی دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کرے۔

۲۔ اس ضمن میں یہ وضاحت بھی کردیں کہ حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان کے ذاتی معاون کی حیثیت سے جو تنخواہ وہ اب لے رہے تھے آیا اس کا تعین، اُن کی ترقی بطور حساب دار کے وقت، مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی مدد سے دوبارہ کرنا ہوگا یا نہیں۔

اضافی حساب دار اعلیٰ

محاصل پاکستان

جناب ــــــ نائب معتمد مالیات ڈویژن اسلام آباد

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع ، تنخواہوں کے قومی سکیل ــــ ملازمت کی مدت ــــ تنخواہ کا تعین

ازراہ کرم حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ کی طرف رجوع کریں۔

٢۔ اس سلسلے میں عرض ہے کہ بنیادی سکیل ١٩ - اور اُس سے اوپر کے گریڈوں میں مجوزہ مدتِ ملازمت ، کم سے کم تنخواہ کے سکیل کی غرض سے متعین کی گئی ہے نہ کہ سالانہ ترقی کی غرض سے - چنانچہ جو وضاحت محاسبے کے لیے آپ کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ کے ذریعے جاری کی گئی تھی وہ گریڈ ١٨ میں ترقی کے وقت سالانہ ترقی کے ضمن میں بھی تھی۔

٣۔ اس صورتِ حال کے پیشِ نظر ہماری مذکورہ غیر رسمی کیفیت میں کوئی تناقض نہیں پایا جاتا۔ چنانچہ مورخہ ــــ والی وضاحت کا دوسرے معاملات پر اطلاق نہیں کیا جا سکتا۔

نائب معتمد

حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

دفتر محاسب اعلیٰ ، پاکستان

دفاتر مرکزی حکومت

گلبرگ III لاہور

موضوع : تنخواہوں کے قومی سکیل ــــ مدت ملازمت ــــ تنخواہ کا تعین

کیا حساب دار اعلیٰ ، محاصل پاکستان اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ کی طرف رجوع کریں گے جو مالیات ڈویژن کو ارسال کی گئی تھی اور جس کی نقل اس دفتر کو بھی گئی تھی۔

٢۔ اگر مالیات ڈویژن نے اس ضمن میں کوئی وضاحت ارسال کی ہے تو ازراہ کرم اس دفتر کو بھی اس سے مطلع کیا جائے۔

معاون افسرِ حسابات

حساب دار اعلیٰ محاصلِ پاکستان ، اسلام آباد

محاسبِ اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــ

دفتر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع: گریڈ ۱۸ اور اوپر ترقی حاصل کرتے وقت، سالانہ اضافہ کی غرض سے کم سے کم مدتِ ملازمت

کیا مالیات ڈویژن موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کرے گا۔

۲۔ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ پر مشتمل احکام مورخہ ـــــ سے موثر کیے گئے ہیں جس کا مطلب ہے کہ اس تاریخ سے پہلے کی مکمل شدہ مدت ملازمت اس دفتری یادداشت کے دائرہ اثر میں نہیں آئے گی۔ لیکن دو افسروں کے معاملے میں احکام، پہلے کی تاریخوں سے موثر (موثر بہ ماضی) کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور ایک اور غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو وزارتِ خارجہ کو بھیجی گئی ہے ملاحظہ فرمائی جائے۔

۳۔ گذارش ہے کہ اس مسئلے پر غور کیا جائے اور ضروری وضاحت جاری کی جائے تاکہ اس نوعیت کے معاملات ضابطے کے مطابق نبٹائے جا سکیں۔

حساب دار اعلیٰ اضافی

محاصل پاکستان

وزارتِ مالیات (جناب ...... نائب معتمد) اسلام آباد

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: گریڈ ۱۸ اور اس کے اوپر ترقی حاصل کرتے وقت سالانہ اضافے کی غرض سے کم سے کم مدتِ ملازمت

بحوالہ مذکورہ بالا موضوع پر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ سے رجوع کریں۔

۲۔ اس کیفیت میں اٹھائے گئے نکات مفروضے پر مبنی ہیں چنانچہ قطعی رائے کا اظہار کرنا مشکل ہے۔ مناسب یہ ہوگا کہ ہمیں خاص در پیش معاملات بتلائے جائیں تاکہ غور کر کے فیصلہ دینے میں آسانی ہو۔

نائب معتمد

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حکومتِ پاکستان

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع: گریڈ ۱۸۔ اور اُس سے اوپر ترقی پانے پر، سالانہ اضافے کی غرض سے کم سے کم مدتِ ملازمت

کیا مالیات ڈویژن از راہِ کرم اپنی دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف رجوع کرے گا جو گریڈ ۱۸۔ اور اُس سے اوپر ترقی پانے پر، تنخواہ اور سالانہ اضافے کی غرض سے کم سے کم مدتِ ملازمت کی نظرثانی کے بارے میں ہے۔ احکام کے نفاذ کے دوران میں اس دفتر کو مندرجہ ذیل صورتِ حال کا سامنا کرنا پڑا ہے:

۱۔ ا۔ جناب ا نے مورخہ ——— کو وفاقی حکومت میں گریڈ ۱۷ میں ملازمت کا آغاز کیا۔

ب۔ مورخہ ——— کو گریڈ ۱۸ میں ترقی ملی اور سات سال کلاس اوّل کی ملازمت کے بعد سالانہ ترقی کے اہل ہوئے۔

۲۔ ا۔ جناب ب نے مورخہ ——— کو وفاقی حکومت میں گریڈ ۱۷ میں ملازمت کی ابتدا کی۔

ب۔ مورخہ ——— کو گریڈ ۱۸ میں ترقی پائی۔ مذکورہ بالا دفتری یادداشت کی رُو سے جناب ب کو سالانہ ترقی ۵ سال کی کلاس اوّل کی ملازمت کے بعد مل سکے گی۔

ج۔ اسی طرح گریڈ ۱۹ میں سالانہ اضافہ بارہ سال کی ملازمت کے بعد جا کر مل سکے گا۔

۲۔ اس موازنے سے واضح ہوتا ہے کہ جناب ب، جونیئر (متأخر) ہونے کے باوجود ا سے زیادہ تنخواہ لے رہے ہیں۔ اس لیے مذکورہ بالا احکام ان کی گریڈ ۱۸ میں ترقی کے وقت نافذ نہیں تھے۔

۳۔ گزارش ہے کہ معاملے کو بہ نظرِ غائر دیکھا جائے اور یہ تناقض دُور کیا جائے۔

نائب حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن (جناب ——— نائب معتمد)

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

دفتر محاسب اعلیٰ پاکستان

موضوع: تنخواہوں کے قومی سکیل ـــــ ملازمت کی مدت ـــــ تنخواہ کا تعین

کیا حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کریں گے جو مالیات ڈویژن کو بھیجی گئی تھی اور اس کی ایک نقل اس دفتر کو ارسال کی گئی تھی۔

۲۔ اس سلسلے میں گذارش ہے کہ مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی ایک نقل اس دفتر کو دوبارہ بھیجی جائے کیونکہ وہ یہاں نہیں مل رہی۔

معاون افسر حسابات

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان، اسلام آباد

محاسبِ اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان
اسلام آباد

موضوع: تنخواہوں کے قومی سکیل کی سکیم ـــــ ملازمت کی مدت ـــــ تنخواہ کا تعین

کیا مالیات ڈویژن ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کرے گا جو گریڈ ۱۷ سے ۱۸ میں ترقی کے وقت سالانہ اضافے کے جواز کے بارے میں ہے۔

۲۔ مذکورہ بالا غیر رسمی کیفیت کی رُو سے ایک افسر گریڈ ۱۸ میں ترقی پاتے وقت، اُس صورت میں یکم دسمبر کو سالانہ اضافے کا حق دار ہو گا جب وہ یکم دسمبر اور ۳۱ مئی کے درمیانی عرصے میں وہ سات سال کی ملازمت مکمل کر لے۔

۳۔ اس قانون کا اطلاق صرف گریڈ ۱۷ سے ۱۸ میں ترقی کے معاملات پر ہوتا ہے۔

۴۔ گریڈ ۱۹ کے ایک افسر نے مالیات ڈویژن کے اس فیصلے کے خلاف عرض داشت پیش کی ہے کہ اس فائدے کو صرف گریڈ ۱۷ سے ۱۸ کی ترقی کے معاملات تک محدود کیوں رکھا جا رہا ہے اور گریڈ ۱۸ سے ۱۹ میں ترقی پانے والے سرکاری ملازم اس سے کیوں محروم رکھے جا رہے ہیں جب کہ وہ بھی اس طرح کی صورتِ حال میں بارہ سال مکمل کرتے ہیں۔

۵۔ گذارش ہے کہ مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت مورخہ ـــــ پر نظرِ ثانی کی جائے تاکہ یہ تناقض دُور ہو سکے۔

حساب دارِ اعلیٰ

جناب...... شریک معتمد، مالیات ڈویژن، اسلام آباد

حساب دارِ اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: تنخواہوں کے قومی سکیل کی سکیم —— ملازمت کی مدت —— تنخواہ کا تعین

حساب دارِ اعلیٰ از راہ کرم موضوع بالا پر اس ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ اس ڈویژن نے اس معاملے پر دوبارہ غور کیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ:

i۔ اگر گریڈ ۱۸ کا کوئی افسر کسی سال کے یکم دسمبر اور اس کے بعد والے سال کی ۳۱ مئی کے درمیان گریڈ ۱۷ کے سات برس مکمل کرے تو اسے اُسی سال کے یکم دسمبر کو سالانہ اضافہ ملے گا۔

ii۔ اگر گریڈ ۱۸ کا افسر گریڈ ۱۷ کے سات برس یکم جون اور ۳۰ نومبر کی درمیانی میں مکمل کرلے تو وہ اُسی سال کی یکم دسمبر کو سالانہ اضافے کا حق دار ہوگا۔

۳۔ گذارش ہے کہ گریڈ ۱۸ کی سالانہ ترقی کے معاملات اسی فیصلے کی روشنی میں نمٹائے جائیں۔

افسر صیغہ

جناب .... نائب حسابدارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

نقل بنام محاسبِ اعلیٰ پاکستان گلبرگ III لاہور

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: گریڈ ۱۸ اور اُس سے اوپر ترقی کے وقت، سالانہ اضافہ کی غرض سے کم سے کم مدتِ ملازمت

بہ حوالہ حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ——— جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس ضمن میں ہمارے گشتی مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— کے پیرا ۲ کی طرف توجہ مبذول کرائی جاتی ہے جس میں صراحت کی گئی ہے کہ اس موضوع پر تمام گذشتہ احکامات اس مراسلہ کی حد تک ترمیم شدہ تصور کیے جائیں گے۔

۳۔ چنانچہ امور عملہ ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— میں ۱۲ برس کی جو پابندی بیان کی گئی ہے اسے بارہ برس سمجھا جائے گا۔

نائب معتمد

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: بنیادی تنخواہوں کے سکیل کی سکیم (منصوبہ) اور ملازمین کے لیے ضمنی مراعات - ۱۹۸۳ء

بحوالہ موضوع بالا پر حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

جہاں تک قائم مقام چارج اور تنخواہ کے تعین کا تعلق ہے، افسروں کی تنخواہ ہدایات کے مطابق مقرر نہیں کی گئی۔ قائم مقام چارج کی بنیاد پر کی گئی تقرریوں پر مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کے احکام کا اطلاق نہیں ہوگا۔ چنانچہ گذارش ہے کہ ان معاملات کو نئے سرے سے جانچا جائے۔

افسر صیغہ

حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان

موضوع: پیشہ ورانہ ملازمین کے لیے قابلیت الاؤنس

کیا مالیات ڈویژن از راہ کرم اپنی دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف توجہ کرے گا جو محولہ بالا موضوع ہے۔

۲- مذکورہ بالا دفتری یادداشت کے پیرا ۱- اور ۳ کے مندرجات سے ظاہر ہوتا ہے کہ گریڈ ۱۷ اور ۱۸ کے تکنیکی اور پیشہ ورانہ ملازمین پر ان کا اطلاق ہوتا ہے یہ اسی طرح ہے جیسا کہ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی وجہ سے پیشگی سالانہ اضافے صرف گریڈ ۱۸ کے ملازمین کو دیے گئے تھے۔

۳- اب گریڈ ۱۹ اور اس سے اوپر کے ملازمین ان مراعات کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ از راہِ کرم وضاحت کی جائے کہ کیا یہ مراعات تمام ملازمین کو دی جائیں گی یا صرف گریڈ ۱۸ کے ملازمین تک محدود رکھی جائیں گی۔

حساب دار اعلیٰ اضافی

جناب .... شریک معتمد، مالیات ڈویژن اسلام آباد

حساب دار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان

اسلام آباد

موضوع : بنیادی تنخواہوں کے سکیل کی سکیم (منصوبہ) اور سول ملازمین کے لیے ضمنی مراعات ۱۹۸۳ء

مالیات ڈویژن ازراہِ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف توجہ دے۔

۲۔ معاملات کے تفصیلی کوائف مندرجہ ذیل ہیں :

i۔ جناب "ل" جو اکاؤنٹس گروپ کے افسر ہیں، مورخہ ——— کو گریڈ ۱۹ میں قائم مقام تقرری کے وقت مبلغ ——— روپے کی تنخواہ وصول کر رہے تھے۔ انہیں گریڈ ۱۹ کی کم سے کم تنخواہ دی گئی تھی۔ انہیں دو سال تک سالانہ اضافہ نہیں دیا گیا کیونکہ انہوں نے بارہ سال مکمل کیے تھے اور نہ ہی مبلغ ۳۲۰۰ کے مرحلے پر ہی انہوں نے چھ ماہ مکمل کیے تھے۔ چنانچہ اُن کی تنخواہ ——— روپے مقرر کی گئی۔

ii۔ اکاؤنٹس گروپ کے ایک اور افسر جناب "ب" جو جناب "ل" سے جونیئر تھے، گریڈ ۱۹ میں قائم مقام چارج کی بنیاد پر بعد کی تاریخ میں، مقرر کیے گئے۔ لیکن چونکہ وہ گریڈ ۱۸ میں ——— روپے تنخواہ لے رہے تھے اس لیے ان کی تنخواہ گریڈ ۱۹ میں ——— روپے مقرر کی گئی۔

iii۔ جناب "ل" کا موقف یہ ہے کہ اگرچہ جناب "ب" اُن سے جونیئر ہیں مگر اُن کی تنخواہ پھر بھی زیادہ ہے انہوں نے یہ درخواست بھی کی ہے کہ اُن کی تنخواہ کا تعیّن دوبارہ کیا جائے۔

۳۔ چنانچہ گذارش ہے کہ وضاحت کی جائے کہ کیا مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— کا اطلاق ان معاملات پر ہوگا یا نہیں۔

نائب حساب دارِ اعلیٰ

جناب ...... نائب معتمد مالیات ڈویژن، اسلام آباد۔

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع : گریڈ ۱۸ اور اُس سے اوپر کی ترقی پر، سالانہ اضافہ کے لیے کم سے کم مدت ملازمت

بحوالہ موضوع بالا حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

۲۔ تصدیق کی جاتی ہے کہ ہماری دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ میں درج شدہ احکام صرف اُن افسروں کے لیے ہیں جنہیں ۳۰ مئی ۱۹۷۴ء سے پہلے گریڈ ۱۸ اور ۱۹ میں ترقی ملی تھی جو افسر اس تاریخ سے پہلے ترقی حاصل کر چکے تھے لیکن مجوزہ مدتِ ملازمت اس تاریخ کے بعد پوری کی اُن پر ان احکام کا اطلاق نہیں ہوگا۔

۳۔ جناب ...... کے ضمن میں جو مشورہ افسر کبیر حسابات وزارتِ خارجہ کو ہمارے مراسلہ نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کے ذریعے دیا گیا تھا، وہ ان احکام کے مطابق نہیں تھا، اس لیے اُسے واپس لیا جا رہا ہے۔

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد۔

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع : ترقی پانے پر، سالانہ اضافے کے لیے کم سے کم مدتِ ملازمت

بحوالہ، موضوع بالا پر، حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

۲۔ جو صورت حال آپ نے اپنی غیر رسمی کیفیت کے دوسرے پیراگراف میں واضح کی ہے، اس کی تصدیق کی جاتی ہے۔

نائب معتمد

محاصل پاکستان۔ اسلام آباد

حسابدار اعلیٰ (اضافی)

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حسابدارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع : ترقی پانے پر، سالانہ اضافہ حاصل کرنے کے لیے کم سے کم مدت ملازمت

کیا مالیات ڈویژن ازراہ کرم اپنے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کرے گی

۲۔ ازراہ کرم وضاحت کریں کہ کیا دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کا اطلاق اُن معاملات پر ہو گا یا نہیں جو وزارت مالیات کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کے تحت نظرثانی کیے جائیں گے۔

۳۔ وہ معاملہ جس سے یہ مسئلہ پیدا ہوا ہے مندرجہ ذیل ہے۔

ایک افسر جو ۳-۷-۸-۲۰ سے پہلے سے ملازمت میں ہے، جونیئر کلاس اوّل میں ۷۲-۳-۲۱ سے ترقی پر فائز ہوا اور اس کی تنخواہ اسی تاریخ کو مبلغ ۷۰۰/- روپے متعین ہوئی۔ ۷۶-۹-۱۹ کو اُسے گریڈ ۱۸ میں ترقی ملی۔ ترقی کے وقت یعنی ۷۶-۹-۱۹ کو وہ کلاس اوّل کے ساتویں برس میں تھا۔ اب یہ وضاحت درکار ہے کہ کیا مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کا اطلاق اُس پر ۷۶-۹-۱۹ سے ہو گا یا نہیں اور کیا اُس کی تنخواہ کا تعین دوبارہ کیا جائے گا یا نہیں۔

۴۔ ازراہ کرم وضاحت جلد جاری کی جائے۔

اضافی حسابدار اعلیٰ

جناب . . . . . . نائب معتمد مالیات ڈویژن

حسابدارِ اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع : بنیادی تنخواہوں کے سکیلوں کی سکیم اور سول ملازمین کے لیے ضمنی مراعات ـــــ ۱۹۸۳ء

بحوالہ موضوع بالا پر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

۲۔ تجویز پر غور کرنے کے لیے گذارش کی جاتی ہے کہ جناب "د" اور جناب "ب" کے لحاظ سے جن معاملات کا ذکر کیا گیا ہے اُن کے تفصیلی کوائف بیان کیے جائیں اور جن ضابطوں/احکام کے تحت اُن کی تنخواہوں کا تعین کیا گیا تھا وہ بھی بتائے جائیں۔

افسر صیغہ

محاصل پاکستان

جناب . . . . . . حسابدار اعلیٰ اضافی

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع : بنیادی تنخواہوں کے سکیلوں کی سکیم (منصوبہ) اور سول ملازمین کے لیے ضمنی مراعات ۱۹۸۳ء

کیا مالیات ڈویژن ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کرے گا۔

۲۔ اس دفتر کے علم میں ایسے معاملات آئے ہیں جن میں دو افسران (د اور ب) جو ۸۳-۷-۱ کو گریڈ ۱۸ میں مبلغ ۲۸۵۰/- روپے کی شرح پر تنخواہ لے رہے تھے، تاہم مقام جارج کی بنیاد پر مختلف تاریخوں کو گریڈ ۱۹ میں ترقی پاکر آئے۔ جناب "ب" کو چونکہ ترقی تاخیر سے ملی تھی اس لیے گریڈ ۱۹ میں اُن کی تنخواہ کا تعین گریڈ ۱۸ میں مورخہ یکم دسمبر ۱۹۸۴ء کے سالانہ اضافے کے بعد ہوا تھا چنانچہ اس کی تنخواہ یکم دسمبر ۱۹۸۴ء کو مبلغ ۳۳۷۰/- روپے متعین ہوئی جبکہ جناب "د" کی تنخواہ جنھیں گریڈ ۱۹ میں ۸۳/۱۱/۱۵ سے ترقی ملی تھی ۳۲۰۰/- روپے مقرر ہوئی۔

۳۔ اس صورت حال میں گذارش ہے کہ یہ وضاحت کی جائے کہ آیا مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت مورخہ ______ کے مندرجات کا ایسے معاملات پر بھی اطلاق ہوگا یا نہیں اور کیا سینیئر افسر کی تنخواہ، عدم یکسانی دور کرنے کے لیے دوبارہ متعین کی جائے۔

اضافی حسابدار اعلیٰ

جناب ______ نائب معتمد مالیات ڈویژن اسلام آباد

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان

موضوع : گریڈ ۱۸ اور اس سے اوپر ترقی پانے پر، سالانہ اضافہ کے لیے کم سے کم مدتِ ملازمت

ازراہ کرم مالیات ڈویژن اپنی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ دے جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس یادداشت کی رو سے کم سے کم مدتِ ملازمت (گریڈ ۱۹ میں ترقی پانے کے بعد سالانہ اضافے کے لیے) ۱۴ برس سے کم کر کے ۱۲ برس کردی گئی ہے جب کہ مالیات ڈویژن ہی کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی رُو سے یہ مدت ۱۴ برس مقرر کی گئی تھی۔

۳۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نئے احکام کے نفاذ سے دو مختلف معیار مقرر ہو جائیں گے اور یہ واضح نہیں ہو رہا کہ کیا دفتری یادداشت مورخہ ______ کے اجرا سے دفتری یادداشت مورخہ ______ منسوخ ہو جاتی ہے یا نہیں یعنی ۱۴ سال کا عرصہ ۱۲ سال مقرر ہوا ہے یا نہیں۔

۴۔ اس صورت حال کو ختم کرنے کے لیے گذارش ہے کہ اس کی مزید وضاحت کی جائے۔ اور مناسب فیصلہ صادر کیا جائے۔

حسابدار اعلیٰ اضافی

مالیات ڈویژن (جناب ..... شریک معتمد) اسلام آباد

حسابدار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی

موضوع : **سرکاری محاسبہ کا سہ ماہی بین الاقوامی مجلہ**

ازراہ کرم مندرجہ بالا موضوع پر اس دفتر کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں ۔

۲۔ مطلوبہ مضمون جو دس ستمبر تک پہنچ جانا چاہیے تھا ابھی تک موصول نہیں ہوا ۔ ازراہ مہربانی مضمون جلد از جلد ارسال کیا جائے ۔

نائب افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ لاہور

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر محاسب اعلیٰ پاکستان
لاہور

موضوع : **سرکاری محاسبہ کے بین الاقوامی مجلے کی تقسیم**

ازراہ کرم مذکورہ بالا بین الاقوامی مجلہ کی تازہ ترین سہ ماہی اشاعت جو ______ تک ہے ملفوف ہے ۔ ملاحظہ کریں ۔

۲۔ رسید سے مطلع کریں ۔

معاون محاسب اعلیٰ

تمام محاسبداران اعلیٰ و ناظمین اعلیٰ

دفتر محاسب اعلیٰ پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : سرکاری محاسبہ کا سہ ماہی بین الاقوامی مجلّہ

مذکورہ بالا جریدہ، محاسبِ اعلیٰ پاکستان کی ہدایت کے مطابق تمام دفاتر کو بھیجا جا رہا ہے۔

۲۔ ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ نے خواہش ظاہر کی ہے کہ حساب اور محاسبے سے متعلق ایک مناسب مضمون تیار کر کے ارسال کریں تاکہ مجلّہ میں اشاعت کے لیے بھیجا جائے۔

نائب افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ، واہ چھاؤنی

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : سرکاری محاسبہ کا بین الاقوامی مجلّہ

ازراہِ کرم مطلع کریں کہ آیا مذکورہ بالا مجلّہ آپ کے دفتر میں باقاعدگی سے موصول ہو رہا ہے یا نہیں؟ یہ اطلاع جلد از جلد ہم پہنچائیں۔

نائب افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ، واہ

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : کلکٹر کسٹم کی طرف سے تصدیق نامہ (سرٹیفکیٹ) جاری کرنے کے بارے میں ہدایات

اس سوال پر کہ کیا کلکٹر کسٹم مذکورہ بالا تصدیق نامہ (سرٹیفکیٹ) جاری کر سکتا ہے یا نہیں ؟ غور کیا گیا ہے۔ بورڈ کا نقطہ نظر یہ ہے کہ عام طور پر یہ کام ایوانِ تجارت یا کسی تسلیم شدہ تجارتی تنظیم کی طرف سے ہونا چاہیئے لیکن مخصوص حالات میں مثلاً جب درآمد کرنے والا تک اصرار کرے کہ کسٹم حکام یہ تصدیق نامہ جاری کریں اور اس بارے میں تحریری درخواست بھی آئے تو کلکٹر کسٹم یا اس کی طرف سے مامور کردہ افسر یہ تصدیق نامہ جاری کر سکتا ہے۔

معتمد اول

(فرسٹ سیکرٹری)

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : موٹر کاروں کی برآمد اور درآمد کے لیے کسٹم کے دفاتر میں استعمال کیے جانے والے فارم

کسٹم کے مختلف دفاتر میں استعمال کے لیے مندرجہ ذیل کاغذات مرکزی محاصل بورڈ نے منظور کیے ہیں۔

۱۔ ڈیوٹی فری برآمد و درآمد کی جانے والی کاروں کے کوائف کے لیے رجسٹر۔
۲۔ کسٹم سٹیشن پہنچنے پر موٹر گاڑیوں کے معائنے کی رپورٹ کے بارے میں رجسٹر۔
۳۔ سیاحوں کی طرف سے موٹر کاروں کی عارضی درآمد کے لیے کاغذات۔
۴۔ نئی موٹر گاڑیوں کی تشخیص کے لیے فارم۔
۵۔ استعمال شدہ موٹر گاڑیوں کی تشخیص کے لیے فارم۔

معتمد اوّل

جملہ دفاتر کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : "دیگر حادثات" کے الفاظ کی توجیہہ

اس دفتر کی توجہ الفاظ "دیگر حادثات" کی طرف دلائی گئی ہے جو بورڈ کے مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ میں استعمال کیے گئے ہیں۔ مرکزی محاصل بورڈ سمجھتا ہے کہ پاکستان کے وہ شہری جو جنگ کی وجہ سے نقل مکانی پر مجبور ہوئے تھے حادثے کا شکار شمار ہوں گے اور "دیگر حادثات" کے ذیل میں آئیں گے۔

معتمد اوّل

تمام دفاتر کسٹم

مرکزی ریونیو بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : افغانستان کے لیے برآمدات پر بونس

گشتی مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ کی رو سے افغانستان کے لیے برآمدات پر بونس کی اجازت ہے بشرطیکہ مطلوبہ دستاویزات مہیا کی جائیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ برآمد کی درخواست تین نقلوں میں پیش کی جائے جو طورخم کے کسٹم حکام کی مصدقہ (تصدیق شدہ) ہو۔ یہ ضرورت صرف زمینی راستے سے برآمدات کے لیے ہے۔

۲۔ نظرثانی شدہ ہدایات کے مطابق برآمدات بذریعہ ہوائی جہاز کے لیے اس درخواست کی تین نقول کی تصدیق پشاور کے ہوائی اڈے پر مامور کسٹم حکام بھی کر سکتے ہیں۔

معتمد اوّل

تمام دفاتر کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ گاڑیوں کے بارے میں فیصلہ

یہ بات بورڈ کے علم میں لائی گئی ہے کہ ضبط شدہ گاڑیوں کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا جاتا اور پڑے پڑے گاڑیوں کی حالت اور قیمت میں نقصان دہ تبدیلی آجاتی ہے اور حکومت کو نقصان ہوتا ہے چنانچہ بورڈ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ضبط شدہ گاڑیوں کی نیلامی جلد از جلد عمل میں لائی جائے بورڈ نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ اگر نیلام عام میں گاڑی مجوزہ قیمت وصول نہیں کر پاتی تو کلکٹر کم قیمت پر بھی گاڑی فروخت کر سکتا ہے تاہم یہ مخصوص حالات ہی میں ہونا چاہیئے اور کلکٹر کو احکام جاری کرنے سے پہلے کافی غور و فکر کر لینا چاہیئے۔

معتمد دوم

(سیکنڈ سیکرٹری)

تمام دفاتر کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ٹائروں اور ٹیوبوں کی سمگلنگ

بورڈ نے اپنے احکام پر جو مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ کے ذریعے جاری ہوئے تھے پر نظر ثانی کی ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ رجسٹروں میں ٹائروں کے کوائف کا اندراج بند کر دیا جائے کیونکہ ان اطلاعات سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔

اگر احتسابی اداروں کے علم میں ٹائروں کی سمگلنگ کا معاملہ آئے تو وہ معمول کا مروجہ طریق کار اختیار کریں۔

معتمد دوم

(سیکنڈ سیکرٹری)

جملہ دفاتر کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : افغانستان سے ٹائروں اور ٹیوبوں کی درآمد

جو گاڑیاں افغانستان جاتی ہیں یا وہاں سے آتی ہیں اس ضمن میں سرحد پر ایک رجسٹر کھولا جائے اور خریدے ہوئے ٹائر اور ٹیوبوں کے کوائف اس میں درج کیے جائیں۔ ٹائروں کی حالت اور کیفیت صحیح صحیح درج کی جائے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ پرانے ٹائروں کی جگہ نئے ٹائر استعمال نہیں ہو رہے۔

یہ بھی وضاحت کی جاتی ہے کہ گاڑی ضبط کرتے وقت اس امر کا بھی یقین کر لیا جائے کہ یہ گاڑی سمگلنگ میں استعمال ہوئی ہے یا نہیں۔

مندرجہ ذیل کوائف نوٹ کیے جائیں۔

۱۔ ڈرائیور کا نام مع ولدیت اور پتہ
۲۔ مالک کا نام اور پتہ
۳۔ لائسنس نمبر
۴۔ انجن نمبر
۵۔ لادے ہوئے ٹائروں کی تفصیل (سائز، تعداد وغیرہ)
۶۔ تاریخ خرید
۷۔ ٹائروں کی عمومی حالت
۸۔ ڈرائیور یا مالک کے دستخط مع تاریخ
۹۔ متعلقہ کسٹم افسر کے دستخط و مہر مع تاریخ

معتمد دوم
(سیکنڈ سیکرٹری)

کلکٹر مرکزی آبکاری و زمینی کسٹم لاہور، کراچی

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ تاریخ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ہند و پاکستان سے تعلق رکھنے والے یوگنڈا، کینیا، زمبیا اور تنزانیہ سے آنے والے مہاجرین کے لیے کسٹم کی رعائتیں :-

بورڈ اس امر پر غور کر رہا ہے کہ مذکورہ بالا مہاجرین کی ڈیوٹی فری درآمدات کے لیے معیار کیا ہو۔ بورڈ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ رعائتیں جو احکام نمبر ________ مورخہ ________ میں دی گئی ہیں مذکورہ بالا مہاجرین کو بھی دے دی جائیں۔ بشرطیکہ

۱۔ وہ ثبوت مہیا کریں کہ انہوں نے پاکستانی شہریت کے لیے درخواست دے رکھی ہے اور اس کے حصول کے لیے پوری کوشش کر رہے ہیں۔
۲۔ ثبوت مہیا کریں کہ جس ملک سے آ رہے ہیں اس میں وہ باقاعدہ طور پر تاجر تھے اور کاروبار کرتے تھے۔

معتمد دوم
(سیکنڈ سیکرٹری)

تمام کلکٹریٹ (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : "کسٹم سرحد" کی تعریف

مرکزی حکومت پاکستان نے "کسٹم سرحد" کی تعریف اپنے حکم نمبر ______ مورخہ ______
میں کی ہے اور یہ حکم چونکہ ابھی تک منسوخ یا معطل نہیں ہوا اس لیے یہی تعریف نافذ رہے گی۔
پاکستان کی سرحدیں ہی کسٹم کی سرحدوں کے طور پر شمار ہوں گی۔

معتمد دوم
(سیکنڈ سیکرٹری)

تمام کلکٹریٹ (کسٹم)
مرکزی محاصل بورڈ۔ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : کسٹم افسران کا عوام سے تعلق اور رویہ

یہ کہا جا رہا ہے کہ باہر سے واپس آنے والے پاکستانیوں کے ساتھ کسٹم افسران کا رویہ مناسب نہیں ہے
کسٹم کے اہل کاروں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ مسافروں کے ساتھ شریفانہ روش اور خوش اخلاقی کا برتاؤ بہت
ضروری ہے انہیں ایسا رویہ اختیار کرنا چاہیئے جو ان کے اور ان کے محکمے کے بھی شایان شان ہو۔

۲۔ بورڈ اب یہ ہدایت جاری کر رہا ہے کہ کلکٹر، نائب کلکٹر اور معاون کلکٹر، آن ہوائی اڈوں پر اور
مقامات پر جہاں وہ مستقلاً تعینات نہیں ہیں، وقتاً فوقتاً جا کر دیکھیں کہ کسٹم کا عملہ مسافروں کے ساتھ مناسب
سلوک روا رکھ رہا ہے یا نہیں۔ امید ہے کہ اس احتیاط کی وجہ سے ہمارے عملے کے برتاؤ کا معیار بہتر ہو جائے گا۔
اگر عملہ کا کوئی رکن بد سلوکی کا مرتکب پایا جائے تو اس کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔

معتمد دوم
(سیکنڈ سیکرٹری)

تمام کسٹم کلکٹریٹ / دفاتر
مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : کسٹم کے محکمہ میں زیرِ استعمال فارموں اور رجسٹروں پر نظرِ ثانی

گذشتہ سالوں کے دوران رجسٹروں اور فارموں کی کثیر تعداد کا استعمال شروع کرایا گیا ہے۔ ان پر نظرِ ثانی کرنے کے دوران بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ :

۱۔ بورڈ کا متعلقہ شعبہ رجسٹروں اور فارموں کی جدول تیار کرے گا جو دو حصوں پر مشتمل ہو گی۔ حصہ اوّل رجسٹروں کے لیے اور حصہ دوم فارموں کے لیے۔ تمام موجودہ رجسٹروں اور فارموں پر نظرِ ثانی کی جائے گی۔

۲۔ تمام رجسٹر اور فارم نگران کار طباعت و سامانِ تحریر سے چھپوائے جائیں گے جو مروجہ قواعد کے مطابق ہوں گے اور بورڈ کے متعلقہ شعبے کو اس کی اطلاع دی جائے گی۔

۳۔ جدول میں اندراج کے بغیر کوئی نیا رجسٹر اور فارم رائج نہیں کیا جائے گا۔ اگر کوئی فارم غیر معمولی حالات میں اور جلدی میں رائج کرانا پڑے تو بعد میں جدول میں اس کا اندراج کر دینا چاہیے۔ ایسے فارم کی پانچ مصدقہ نقول بورڈ کو بھیجنا ہوں گی۔ اُن میں سے ایک نقل جدول میں بھی چسپاں کی جائے گی۔

معتمد اوّل

تمام ذیلی دفاتر محکمہ کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : انتقالِ رہائش کے قواعد

حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ اشخاص جو بیرونِ ملک تین سال کی مدت ملازمت کے بعد ملک میں واپس آ رہے ہوں، گاڑی لانے کے مجاز ہوں گے۔

۲۔ چنانچہ اس قاعدے کی رو سے واپس آنے والے پاکستانی درآمدی پرمٹ کے بغیر گاڑی لا سکتے ہیں تاہم انہیں مجوزہ ڈیوٹی اور محصول وغیرہ ادا کرنے ہوں گے لیکن یہ اس صورت میں ہو گا جب گاڑی کم سے کم ایک سال کے لیے زیرِ استعمال رہ چکی ہو۔ اگر گاڑی بالکل نئی ہو یا ایک سال سے کم استعمال کی گئی ہو تو درآمدی پرمٹ دکھانا لازمی ہو گا۔

۳۔ تین سالہ قیام کے دوران اگر مختصر مدت کے لیے وطن واپس آنا پڑا ہو تو کلکٹر ایسے مختصر "وقفے" کو معاف کرنے کے مجاز ہوں گے۔ لیکن دیگر معاملات حسبِ معمول فیصلہ کے لیے بورڈ کی طرف بھیجنا ہوں گے۔

معتمد اوّل

(فرسٹ سیکرٹری)

تمام دفاتر کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : **بیرون ملک جانے والے پاکستانیوں کی پڑتال**

بنک دولت پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ میں درج شدہ ہدایات نیچے نقل کی جا رہی ہیں تاکہ متعلقہ محکموں کی رہنمائی کے کام آ سکیں ۔

موجودہ قوانین کی رو سے عراق، ایران وغیرہ جانے والے پاکستانی ، جو خشکی کے راستے جا رہے ہوں، ۵۰۰ ڈالر فی کس زر مبادلہ کے حقدار ہیں۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ایسے مسافروں کو کسٹم حکام بنک دولت پاکستان کی طرف سے جاری کردہ "پروانۂ عدم اعتراض" دکھانے کا مطالبہ کرتے ہیں اور مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس پریشانی کا ازالہ کرنے کے لیے کسٹم اہلکاروں کو ہدایات جاری کی جا رہی ہیں کہ خشکی کے راستے باہر جانے والے مسافروں سے پروانۂ عدم اعتراض کا تقاضا نہ کیا جائے بشرطیکہ ان کے پاسپورٹ پر بنک دولت پاکستان کی طرف سے یہ لکھا ہوا ہو کہ وہ زر مبادلہ اپنے پاس رکھنے کا مجاز ہے ۔

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : **درآمد کے لیے عارضی سہولیات**

بورڈ نے فیصلہ کیا ہے دوبارہ برآمد کرنے کے معاملات میں جو وقت کی پابندی بورڈ کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ میں لگائی گئی ہے اُسے کلکٹر صاحبان نمٹا سکتے ہیں اور ایسے معاملات بورڈ کی طرف بھیجنے ضروری نہیں۔ کلکٹر حضرات (چھ) ۶ ماہ سے زیادہ کی توسیع دینے کے مجاز ہیں اور تمام مذکورہ معاملات انہیں نمٹا دینے چاہئیں۔

۲۔ تاہم اگر عارضی طور پر درآمد کردہ اشیا ایک سال کے اندر اندر دوبارہ برآمد نہ کی جائیں تو مزید توسیع نہ دی جائے اور متعلقہ اشیا پر عام قانون کے تحت ٹیکس اور ڈیوٹی لگائی جائے۔

معتمد اوّل

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ۔ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ اشیا کے بارے میں وزیر خزانہ کی ہدایت

بورڈ کے نیم سرکاری مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ میں دی گئی ہدایات فوری حوالہ اور آئندہ کی رہنمائی کے لیے نیچے نقل کی جا رہی ہے۔

"اگر پیش کشیں معینہ قیمت سے اوپر ہوں تو معاون کلکٹر یہ پیش کشیں قبول کر سکتا ہے اور اگر کم ہوں تو نائب کلکٹر قبول کر سکتا ہے۔"

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : مراعات یافتہ اشخاص / تنظیموں کی طرف سے گاڑیوں اور سامان کی چھڑائی ۔

بورڈ کو مراعات یافتہ اشخاص / تنظیموں کی طرف سے درخواستیں دی جا رہی ہیں کہ اُن کی گاڑیوں اور سامان کو چھڑانے کے لیے پروانہ عدم اعتراض جاری کیا جائے۔ مجوزہ طریق کار کی اصلاح کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ پروانہ عدم اعتراض بورڈ کی طرف سے جاری نہیں کیا جائے گا۔ سفارت کاروں کے سلسلے میں یہ پروانہ وزارت خارجہ جاری کرے گی اور دوسرے اشخاص کے سلسلے میں یہ پروانہ یا درآمدی پرمٹ نگران کار اعلیٰ درآمد و برآمد جاری کرے گا۔

معتمد دوم

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : متروکہ اور ضبط شدہ اشیاء کی نکاسی کے لیے نیلام کاروں کا تقرر

بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ متروکہ اور ضبط شدہ اشیاء کی نکاسی کے لیے نیلام کاروں کا تقرر عارضی بنیادوں پر نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کے لیے ذرائع ابلاغ میں اشتہار دینا چاہیے اور سب سے کم ٹینڈر، تجربے اور استعداد کی بنیاد پر انتخاب ہونا چاہیے۔ کامیاب اشخاص سے گارنٹی اور نقد زر ضمانت بھی لینی چاہیے جس کی مقدار کام کے تناسب سے ہو۔

معتمد دوم

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : انتقال رہائش کے قواعد کے تحت کسٹم کی رعایت

قواعد اسباب مجریہ ۱۹۷۲ء (Baggage Rules 1972) چند اشیاء کو اسباب (Baggage) کی تعریف سے خارج کرتے ہیں۔ یہ سوال اٹھایا گیا ہے کہ اگر یہ اشیاء بیرون ملک ایک سال تک زیر استعمال رہ چکی ہوں تو انتقال رہائش کرنے والا مسافر انہیں درآمد کر سکتا ہے یا نہیں۔

۲۔ بورڈ کا فیصلہ ہے کہ یہ اشیاء انتقال رہائش کے تحت درآمد کی جا سکتی ہیں تاہم مندرجہ ذیل اشیاء پر اس رعایت کا اطلاق نہیں ہوگا اور ان کی درآمد کے لیے درآمدی پرمٹ پیش کیا جانا ضروری ہے اور عام قانون کے تحت ڈیوٹی اور دیگر محصول بھی ادا کرنے ہوں گے۔

"موٹر کار، موٹر سائیکل، سکوٹر، اسلحہ، سینما فلمیں اور دیگر مشینی اشیائے استعمال"۔

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : سفارت کاروں، غیر سفارت کاروں اور مراعات یافتہ اشخاص کی ذاتی اور گھریلو اشیا کی ترسیل میں تاخیر

بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ سفارت کاروں، غیر سفارتی عملہ، مراعات یافتہ اشخاص اور مشرقی افریقہ سے آنے والے مہاجرین کی ذاتی اور گھریلو اشیاء کی ترسیل میں تاخیر کے مسائل پر کلکٹر خود نمٹائے گا اور ہر معاملے میں الگ الگ غور کیا جائے گا۔

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر کسٹم،

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : سیاحوں اور پاکستانیوں کے لیے چھ ماہ سے زیادہ گاڑی رکھنے کی مدت میں توسیع

بورڈ نے اپنے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی رو سے کلکٹر حضرات کو یہ اختیار دیا تھا کہ مندرجہ بالا معاملات میں وہ خود توسیع دے سکتے ہیں لیکن اب ان اختیارات کو تبدیل کیا گیا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) غیر ملکی سیاح ساتھ لائی ہوئی گاڑیوں کو ایک سال تک رکھ سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ مدت کے لیے عام طور پر اجازت نہیں دی جائے گی۔

(ب) باہر رہنے والے پاکستانی جو بنک گارنٹی کے تحت گاڑی درآمد کرتے ہیں انہیں چھ ماہ کے اندر اندر دوبارہ گاڑی کو برآمد کرنا ہوتا ہے۔ بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ ان معاملات میں بھی عام طور پر توسیع نہیں دی جائے گی۔

(ج) سیاحوں کو بنک گارنٹی کے بغیر گاڑی درآمد کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۲۔ کلکٹر حضرات مخصوص حالات میں چھ ماہ سے زیادہ عرصے کی توسیع دے سکتے ہیں مثلاً حادثے یا بیماری کی صورت میں ایسے معاملات بورڈ کو نہیں بھیجے ہوں گے۔ خاص خاص حالات میں بنک گارنٹی کو بھی نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر کسٹم،

مرکزی محاصل بورڈ۔ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ اسلحہ کی خریداری

بورڈ نے مناسب غور و فکر کے بعد فیصلہ کیا ہے کہ ضبط شدہ اسلحہ فروخت کرتے وقت کسٹم کے محکمے کو ترجیح دی جائے گی۔ بشرطیکہ

ا۔ معینہ قیمت، محکمہ ادا کرے۔

ب۔ متعلقہ کلکٹر تصدیق نامہ جاری کرے کہ اسلحہ قابلِ استعمال حالت میں ہے۔

ج۔ اسلحہ کے رجسٹر کی تمام ضروریات پوری کی جائیں۔

معتمد دوم

تمام کسٹم دفاتر

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ذاتی اسباب (Personal Baggage) میں کاروں کی درآمد

زیرِ دستخطی، حسبِ ایما، مذکورہ بالا موضوع کے حوالے سے حکومت کا فیصلہ نیچے درج کرتا ہے:

" حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ بیرونِ ملک رہنے والا پاکستانی جو چھ ماہ یا زیادہ عرصہ کے لیے رہا ہو، واپس آتے وقت اپنے "ذاتی اسباب" میں کار درآمد کر سکتا ہے بشرطیکہ یہ جائز آمدنی سے خریدی گئی ہو۔"

معتمد اوّل

تمام کسٹم دفاتر

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ اشیاء کی نکاسی

تمام گذشتہ احکامات کی تنسیخ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل ہدایات آئندہ کے لیے نوٹ کر لی جائیں۔

۲۔ ضبط شدہ اشیا کی دو قسمیں ہیں اوّل وہ جن کی درآمد ممنوع یا محدود ہے ایسی اشیا کی نیلام عام کے ذریعے نکاسی مناسب نہیں۔ کیونکہ بعد میں نیلام کی رسید سے ناجائز فائدہ بھی اٹھایا جا سکتا ہے ایسے معاملات میں نکاسی مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی ایک کے ذریعے ہونی چاہیئے۔

ا ۔ ڈیوٹی فری دکانوں میں غیر ملکی کرنسی کے ذریعے

ب ۔ پی آئی اے میں دوران پرواز بین الاقوامی مسافروں کو فروخت کے ذریعے۔

ج ۔ سرکاری دکانوں اور سٹوروں کے ذریعے مثلاً سی ایس ڈی، یوٹیلٹی سٹور وغیرہ۔

۳۔ دوسری قسم ان اشیا کی ہے جو ممنوع یا محدود نہیں ہیں اور نہ ان کی فروخت سے ناجائز فائدہ ہی اٹھایا جا سکتا ہے۔ ان کی نکاسی نیلام عام کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔ ان کی قیمتیں حقیقت پسندانہ طور پر مقرر کی جائیں اور انہیں اشیا کی بار بار نیلامی سے گریز کیا جائے۔

۴۔ کلکٹر حضرات کی توجہ کسٹم ایکٹ مجریہ ۱۹۶۹ء کی دفعات کی طرف بھی مبذول کرائی جاتی ہے۔

معتمد اوّل

تمام کلکٹریٹ کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : سمگلنگ کے معاملات میں حق خدمت/انعام (Reward) کے بارے میں ہدایات

حق خدمت/انعام (Reward) کے بارے میں نئے قوانین، جن سے گذشتہ قوانین کی تنسیخ ہوتی ہے، ملفوف ہیں۔ ایسے تمام معاملات جو زیرِ التوا ہیں، متعلقہ ایجنسیوں/دفاتر کے سربراہوں کو وزارتِ مالیات کی طرف سے مخصوص کردہ رقوم کے اندر اندر نمٹا دینے چاہئیں۔

۲۔ ان تنظیموں/ایجنسیوں کے سربراہوں کو متعلقہ قوانین کے تحت کمیٹیاں بنا دینی چاہئیں اور ان کمیٹیوں کے ماہانہ اجلاس منعقد ہونے چاہئیں اور ان کی روداد قلمبند ہونی چاہیئے۔ متعدد فلاحی منصوبوں کی ترقیاتی رپورٹیں بھی بورڈ کی طرف ارسال کرنی چاہئیں۔

معتمد (کسٹم)

تمام دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : انتقال رہائش کے قواعد (Transfer of Residence Rules) کی توجیہہ

وضاحت کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا قواعد کے تحت کسٹم کی رعایت کا ان تمام پاکستانیوں اور غیر ملکیوں پر اطلاق ہوگا جو رہائش تبدیل کر رہے ہوں گے۔ تاہم تین سالہ مسلسل قیام اور بیرون ملک اشیاء کے کم سے کم ایک سالہ استعمال کی شرائط برقرار رہیں گی۔

۲۔ ایسے اشخاص جو اس رعایت کے خواہش مند ہوں کسٹم کو اقرار نامہ پیش کریں گے جس میں یہ تصدیق تامہ بھی شامل ہوگا کہ اب ان کی رہائش پاکستان میں منتقل ہو رہی ہے کسٹم کو بہرحال یہ یقین دلانا ضروری ہوگا کہ رہائش کی تبدیلی واقعی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : افغانستان سے ٹائروں اور ٹیوبوں کی سمگلنگ

گذشتہ تمام احکام کی تنسیخ کرتے ہوئے بورڈ نے پاکستانی گاڑیوں پر لادے جانے والے ٹائروں اور ٹیوبوں کے ضمن میں مندرجہ ذیل طریقہ کار وضع کیا ہے۔

ا۔ تمام ٹائروں اور ٹیوبوں کے کوائف کا اندراج کیا جائے گا۔

ب۔ رجسٹر میں اندراجات کی ترمیم پر کسٹم افسر کے دستخط ضروری ہوں گے۔

ج۔ ان پاکستانی گاڑیوں کے لیے جو کبھی کبھی افغانستان جاتی ہیں۔ علیحدہ رجسٹر ہوں گے جن میں ٹائروں کے کوائف تفصیل سے لکھے جائیں گے اور ان کی حالت بھی بیان کی جائے گی۔

گاڑی ضبط کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس گاڑی کا سمگلنگ کے لیے استعمال ہونا یقینی طور پر ثابت ہو۔

معتمد دوم

تمام کسٹم دفاتر

مرکزی محاصل بورڈ، غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ غیر ملکی سگریٹوں کی نکاسی

اب تک کا طریق کار یہ رہا ہے کہ ضبط شدہ سگریٹ ضائع کر دیے جاتے تھے یا جلا دیے جاتے تھے۔ بورڈ نے اس معاملے پر دوبارہ غور کیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ ایسے سگریٹ تخمین کردہ قیمت کے مطابق افسریوں کو بیچے جائیں گے۔ یہ فروخت سی ایس ڈی کے ذریعے ہوگی۔ تاہم یہ طے ہے کہ افسر اپنے گھروں میں ایسے سگریٹ استعمال نہیں کر سکیں گے۔

معتمد اول

تمام کلکٹریٹ کسٹم

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : انتقال رہائش کے قواعد کے تحت رعایت

بیرون ملک تین سالہ قیام میں مختصر وقفے کلکٹر حضرات معاف کر سکتے ہیں کیونکہ درحقیقت مختصر وقفہ رہائش تبدیل نہیں کرتا۔ ایسے معاملات بورڈ کی طرف نہیں بھیجنے چاہئیں اور عملے کو مناسب ہدایات دے دینی چاہئیں۔ تاہم یہ مدنظر رہے کہ تین سالہ قیام کے دوران وطن آنے کی صورت میں برقی اشیا یا بڑا گھریلو سامان نہ آنے پائے یا پھر یہ رعایت انتقال رہائش کے قاعدے کے تحت نہیں دینی چاہیے۔ کلکٹر حضرات یہ اختیارات نائب کلکٹر کو بھی دے سکتے ہیں۔

معتمد دوم

تمام ذیلی دفاتر (کسٹم)

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : حق الخدمت / انعام / (Reward) کے قواعد ۱۹۷۳ء

بورڈ نے کسٹم آرڈر نمبر ________ مورخہ ______ کے تحت فیصلہ کیا تھا کہ حق الخدمت / انعام (Reward) کی منظوری کے زیر التوا معاملات متعلقہ ایجنسیوں کے سربراہ خود نمٹائیں گے۔ بورڈ کو کچھ ایسی درخواستیں موصول ہو رہی ہیں جن میں ۱۹۷۳ء کے قواعد سے پہلے کے منظور شدہ انعامات کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ یہ وضاحت کی جا رہی ہے کہ پہلے کے معاملات دوبارہ زیر غور نہیں لائے جائیں گے تاہم وہ معاملات جو ۱۹۷۳ء سے پہلے کے ہیں لیکن زیر التوا ہونے کی وجہ سے ان کے بارے میں فیصلہ نہیں کیا گیا تھا ان پر ۱۹۷۳ء کے قواعد کے مطابق غور ہو سکتا ہے۔

معتمد دوم

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : کسٹم اور محکمہ آبکاری کے ان ملازمین کی تصاویر کی تشہیر کے لیے جو سمگلروں سے مقابلہ میں ہلاک یا اپاہج ہو جاتے ہیں۔

فرائض کی بجا آوری کے دوران زندگی یا جسم کے کسی حصے سے محروم ہونے والوں کی قدردانی کے طور پر بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ ایسے اشخاص کی تصویریں ۱۲" × ۱۲" کے سائز میں متعلقہ نائب کلکٹر کا دفتر تیار کرائے۔ ان تصاویر کی ڈویژنل دفاتر میں نمائش کی جائے گی اور ایک نقل والٹن تربیتی سکول کے میس میں لگانے کے لیے بھیجی جائے گی۔

معتمد اول

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : ضبط شدہ غیر ملکی کرنسی کی نکاسی

ضبط شدہ غیر ملکی کرنسی کسی بھی ایسے بنک کو دی جا سکتی ہے جو غیر ملکی زرمبادلہ کا کاروبار کرتا ہو لیکن اس معاملے میں نیشنل بنک کو ترجیح دی جائے اور کرنسی دے کر رسید حاصل کی جائے۔ رقم جو اس فروخت سے حاصل ہو حکومت پاکستان کے حساب میں جمع کرائی جائے گی۔

معتمد دوم

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : پاکستان سے ٹائروں اور ٹیوبوں کی سمگلنگ

گزشتہ تمام احکام و قواعد کو منسوخ کرتے ہوئے بورڈ نے چمن اور طورخم کے راستے افغانستان آنے جانے والی گاڑیوں پر لدے ہوئے ٹائروں اور ٹیوبوں کے کاغذات کے ضمن میں مندرجہ ذیل طریق کار وضع کیا ہے۔ یہ طریق کار پاکستان کے اندر چلنے والی گاڑیوں پر لاگو نہیں ہوگا۔

و۔ پاکستان کی گاڑیاں

۱۔ ان گاڑیوں کے سلسلے میں تمام نئے ٹائر اور ٹیوبوں کا اندراج گاڑیوں کی رجسٹریشن کاپیوں میں کرنا ہوگا۔ اس ضمن میں کسی کھلے کاغذ یا پرچی کا استعمال ممنوع ہوگا اور لکھائی صاف اور واضح ہوگی۔

۲۔ تین ہزار میل پورے کرنے کے بعد گاڑیوں کو ٹائر اور ٹیوب بدلنے کی اجازت ہوگی۔

ب۔ افغانستان کی گاڑیاں

۱۔ ان گاڑیوں کے سلسلے میں سرحد کی چوکی پر رجسٹر رکھا جائے گا اور لادے ہوئے تمام ٹائروں اور ٹیوبوں کے کوائف اس میں درج کیے جائیں گے۔

۲۔ گاڑی ضبط کرنے کے لیے ضروری ہے کہ گاڑی کے سمگلنگ میں ملوث ہونے کا قطعی ثبوت موجود ہو۔ ورنہ صرف ٹائر اور ٹیوب ضبط کیے جائیں۔

معتمد (کسٹم)

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : پاکستان میں درآمد ہونے والی استعمال شدہ کاروں کی تشخیص

اس موضوع پر گذشتہ احکام کی تنسیخ کرتے ہوئے بورڈ نے فیصلہ کیا ہے کہ :

و : بیرون ملک استعمال کے بدلے مندرجہ ذیل شرح پر فرسودگی (Depreciation) کی اجازت دی جائے گی۔

ا ۔ پہلے تین ماہ تک ۴ ٪ فی ماہ

اا ۔ باقی عرصہ کے لیے ۲ ٪ فی ماہ ۔ زیادہ سے زیادہ ۵۰ ٪ تک۔

ب : پندرہ دن سے زیادہ کا عرصہ ایک ماہ کے برابر شمار کیا جائے گا اور پندرہ دن سے کم کا عرصہ شمار میں نہیں آئے گا۔

ج : عرصہ کا تعین رجسٹریشن سے لے کر ترسیل کی تاریخ یا پاکستان میں داخل ہونے کی تاریخ تک کیا جائے گا۔

یہ احکام مورخہ ____ سے موثر ہوں گے۔

معتمد (کسٹم)

تمام کلکٹریٹ

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

مرکزی محاصل بورڈ

اسلام آباد

موضوع : چرس اور ہیروئن کی نکاسی

وزارت انصاف ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا پر ہے۔

۲۔ دراصل یہ نزاع بورڈ کی تنظیموں کے درمیان نہیں بلکہ ایک صوبائی حکومت کی تنظیم اور بورڈ کی ایک شاخ کے درمیان ہے اور صوبائی محکمہ آبکاری و محصولات کو غلطی سے بورڈ کی ایجنسی سمجھ لیا گیا ہے۔

۳۔ وزارت انصاف سے درخواست ہے کہ ازراہ کرم مسئلے پر دوبارہ غور کریں۔ تصفیئے کے باقی ذرائع ناکام ہو چکے ہیں اور چونکہ مسئلہ قانون کی توجیہہ کا ہے اس لیے وزارت انصاف ہی یہ جھگڑا ختم کر سکتی ہے

۴۔ ازراہ کرم جلد جواب دیا جائے۔

معتمد کسٹم

وزارتِ انصاف اسلام آباد

مرکزی محاصل بورڈ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان مالیات ڈویژن

تنظیم مالی مشیران

موضوع : میزانیہ کی تجاویز برائے سال

وزارت مالیات نے اپنے نیم سرکاری مراسلہ نمبر______ مورخہ ______ کی وساطت سے میزانیہ تجاویز بھیجنے کا طریق کار سمجھا دیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل معلومات بھی بھیجی جائیں۔

۱۔ اسامیوں کی تعداد مستقل، عارضی اور وہ جو تفویض کردہ اختیارات کے تحت وضع کی گئی ہیں۔

۲۔ گاڑیوں کی تعداد۔ گاڑیاں خریدنے کی تجاویز حاکم مجاز کی منظوری کے ساتھ آنی چاہئیں۔

غیر ضروری تاخیر سے بچنے کے لیے التماس ہے کہ مندرجہ بالا ہدایات پر فوراً پابندی سے عمل کیا جائے۔

نائب مالی مشیر

جناب ۔۔۔۔۔۔۔ ناظم اعلیٰ ڈاکخانہ جات اسلام آباد

تنظیم مالی مشیران غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک پاکستان

موضوع : شمالی علاقہ جات میں محکمہ ڈاک کی خدمات

محکمہ ڈاک اپنی خدمات کے عوض معاوضہ وصول کرتا ہے اور دوسروں کو معاوضے کی ادائیگی بھی کرتا ہے چنانچہ محکمہ ڈاک کو ان خدمات کے عوض جو وہ شمالی علاقہ جات میں انجام دے رہا ہے، کسی نہ کسی صورت میں معاوضہ ملنا چاہیے۔ خواہ وزارت امور کشمیر کی کوئی ذیلی تنظیم ہی محکمہ ڈاک کے لیے کوئی خدمت انجام دے۔

یہ ذکر کر دینا مناسب ہوگا کہ محکمہ ڈاک اس وقت مبلغ ______ روپے شمالی علاقوں میں فرائض کی انجام دہی میں ادا کر رہا ہے۔

چنانچہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ وزارت مالیات خود وزارت امور کشمیر سے یہ معاملہ طے کرے اور محکمہ ڈاک کو معاوضہ دلائے۔

اضافی ناظم اعلیٰ

وزارت مالیات اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک

موضوع : **شمالی علاقہ جات میں محکمہ ڈاک کے نقصانات کا معاوضہ**

مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کے مطابق مذکورہ بالا مسئلہ مورخہ ______ کو زیر غور لایا گیا تھا۔ اجلاس میں شریک معتمد مالیات بھی شامل تھے اس میں یہ طے پایا تھا کہ وزارت امور کشمیر و شمالی علاقہ جات اپنے میزانیہ میں ان ادائیگیوں کو شامل کرے گی جو اسے محکمہ ڈاک کو کرنی ہیں لیکن ابھی تک اس فیصلے کی باقاعدہ اطلاع اس محکمہ کو نہیں دی گئی۔

مالیات ڈویژن کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس فیصلے کا باضابطہ اعلان کرے تاکہ اس پر عملدرآمد کرایا جاسکے۔

نائب ناظم اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک

موضوع : **شمالی علاقہ جات میں محکمہ ڈاک کے نقصانات کا معاوضہ**

ازراہ کرم مالیات ڈویژن اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ وزارت امور کشمیر نے مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی ایک نقل مہیا کی ہے جس کی رو سے مالیات ڈویژن اپنے اس فیصلے پر بدستور قائم ہے جو مورخہ ______ کو کیا گیا تھا۔

مالیات ڈویژن ازراہ کرم اس فیصلے کی اطلاع محکمہ ہذا کو بھی دے۔

نائب ناظم اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک

موضوع : اندرونِ ملک خدمات کے بارے میں میزانیہ کے تخمینوں کی ترسیل

اندراہ کرم مالیات ڈویژن موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

مطلوبہ تخمینے پہلے ہی اس نظامت نے اپنے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کے تحت ارسال کر دیئے ہیں جس کی نقل ملفوف ہے۔

افسر حسابات محاصل

مالیات ڈویژن اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک

موضوع : شمالی علاقہ جات میں محکمہ ڈاک کے نقصانات کا معاوضہ

اندراہ کرم مالیات ڈویژن اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ اس ضمن میں گذارش ہے کہ محکمہ ڈاک کو ۱۹۲۵ء سے تجارتی ادارہ قرار دیا گیا ہے جس کا یہ مطلب ہے کہ اس محکمے کو اپنے اخراجات اپنی آمدنی ہی سے پورے کرنے ہوتے ہیں۔ محکمہ ڈاک وفاقی حکومت سے کوئی امداد نہیں لیتا اور سالانہ حسابات میں اگر نقصان پیش آئے تو اسے وفاقی حکومت کا دیا ہوا قرضہ سمجھا جاتا ہے۔

چنانچہ محکمہ جو ڈاک نے عدم ادائیگی معاوضہ کی بنیاد پر شمالی علاقہ جات میں چلا رہا ہے ان کے بدلے میں معاوضے کا تقاضا ناجائز نہیں ہے۔

مالیات ڈویژن کی خدمت میں پھر گذارش ہے کہ وزارت امور کشمیر و شمالی علاقہ جات سے یہ معاملہ طے کرے اور نظامت اعلیٰ ڈاک کو معاوضہ دلوائے۔

افسر کبیر حسابات

مالیات ڈویژن اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک اسلام آباد

موضوع : شمالی حلقہ میں وصول شدہ محاصل کی کمی

۱۹۸۵-۸۶ء کے محصول ڈاک کی آمدنی کا گذشتہ سال کی آمدنی سے مقابلہ کیا گیا ہے اور معلوم ہوا ہے کہ اس سال ۱۴٪ کمی واقع ہوئی ہے۔

۲- تمام صدر دفاتر کی انفرادی حالت بھی نقصان ظاہر کر رہی ہے۔ صدر دفاتر کی صورت حال مندرجہ ذیل ہے۔

اٹک	۷٪ (-)
اسلام آباد	۲٪ (-)
مری بشمول باغ	۱۲٪ (-)
راولپنڈی بشمول تلہ گنگ و گوجر خان	۴۵٪ (-)
چکوال	۱۱٪ (-)
بھکر	۷٪ (-)
راولاکوٹ	۳۵٪ (-)

۳- گذارش ہے کہ ان صدر دفاتر کے معاملات کی تفتیش کی جائے اور تفصیلی رپورٹ نظامت اعلیٰ ڈاک کو بھیجی جائے۔

افسر کبیر حسابات

ناظم ڈاکخانہ جات حلقہ شمالی راولپنڈی

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک اسلام آباد

موضوع : مرکزی محاصل بورڈ کو کسٹم ڈیوٹی اور بکری ٹیکس (Sales Tax) کی ادائیگی کا طریقہ کار

ازراہ کرم دفتر ہذا کی یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا پر ہے۔ اس ضمن میں گذارش ہے کہ اب تک کسٹم اور بکری ٹیکس کی مد میں حاصل شدہ رقم سے مطلع کیا جائے اور آئندہ صورت حال سے مستقل باخبر رکھا جائے۔

افسر حسابات محاصل

ناظم حسابات محکمہ ڈاک لاہور

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک اسلام آباد

موضوع : شمالی علاقہ جات میں عدم معاوضہ کی بنیاد پر چلنے والے ڈاکخانوں میں نقصانات کا معاوضہ

شمالی علاقوں میں چلنے والے ڈاکخانوں کی وجہ سے محکمہ کو ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کے لیے حال ہی میں ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا ہے جس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ گلگت، دیامیر اور سکردو اضلاع کی ڈاک کی لائنوں میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کرنے پر غور کیا جائے۔

۲۔ ازراہ کرم آپ بتائیں کہ اگر یہ تبدیلیاں عمل میں لائی جائیں تو اس مالی اور انتظامی مضمرات (Implication) کیا ہوں گے۔

ختم کر دی جانے والی اسامیاں:

۱۔ سکردو گلگت لائن پر ایک ہرکارہ (Runner)

۲۔ گلگت جگلوٹ لائن پر چھ ہرکارے۔

۳۔ جگلوٹ میں ایک ڈاکیا۔

۴۔ کریم آباد ذیلی دفتر میں ایک چوکیدار۔

۵۔ ....

۶۔ ....

۳۔ ازراہِ کرم جلد جواب دیں۔

معاون ناظم

ناظم ڈاکخانہ جات حلقہ شمالی اسلام آباد

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت اعلیٰ ڈاک

موضوع : ____ ۱۹ء کے محاصل کی وصولی کا جائزہ

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف سے رجوع کریں۔

محاصل میں کمی کی جو وجوہ آپ نے بیان کی ہیں وہ معقول اور اطمینان بخش نہیں ہیں اس کے علاوہ اس دفتر کی یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ میں طلب کردہ رپورٹ ابھی تک موصول نہیں ہوئی۔ حالانکہ آپ کو دو دفعہ یاددہانی کرائی گئی ہے۔

گذارش کی جاتی ہے کہ محاصل میں کمی کی مناسب اور تسائل کرنے والی وجوہ بتائیں اور مذکورہ بالا رپورٹ جلد از جلد ارسال کریں تاکہ ناظم اعلیٰ کو صورتِ حال سے باخبر کیا جائے۔

افسر حسابات محاصل

ناظم ڈاکخانہ جات حلقہ شمالی راولپنڈی

نظامتِ اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامتِ اعلیٰ ڈاک اسلام آباد

موضوع : مرکزی محاصل بورڈ کو کسٹم ڈیوٹی اور بکری ٹیکس کی ادائیگی اور محکمہ ڈاک کا کمیشن

ازراہِ کرم ناظم حسابات محکمہ ڈاک لاہور کے مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں جس کے مطابق کسٹم ڈیوٹی اور بکری ٹیکس کی رقوم پر ۱۲ نرخ کے حساب سے کمیشن وضع کرنا تھا اور بقیہ رقم کسٹم حکام کو ادا کرنی تھی۔

ازراہِ کرم صورتِ حال سے مطلع کریں۔

افسرِ حسابات (محاصل)

متصرم کبیر ڈاک / پوسٹ ماسٹر کبیر کراچی

نظامت اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نظامت اعلیٰ ڈاک، اسلام آباد

موضوع : اندرون ملک آنے والے پارسلوں پر کسٹم ڈیوٹی اور بکری ٹیکس جمع کرنے کے عوض محکمہ ڈاک کا کمیشن

ازراہ کرم اپنے دفتر کے مراسلہ نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں۔ جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ جن کاغذات کا آپ نے ذکر کیا ہے وہ آپ کے مراسلہ کے ہمراہ موصول نہیں ہوئے۔ ازراہِ کرم وہ ارسال کیے جائیں۔

۳۔ یہ عجیب صورتِ حال ہے کہ مرکزی ریونیو بورڈ کی نامزد کردہ ایجنسی نے ابھی تک کمیشن کی رقم محکمہ ڈاک کو ادا نہیں کی لیکن محکمہ ڈاک سے جواب طلبی کی جا رہی ہے۔ تاحال کلکٹر کسٹم کراچی نے محکمہ ڈاک کو بکری ٹیکس کی رقم مبلغ .... روپے ادا نہیں کیے۔

۴۔ ایک دفعہ پھر وضاحت کی جاتی ہے کہ کسٹم کے محکمہ کو محکمہ ڈاک کو نرخ ۲۱ شرح کے حساب سے کمیشن کی رقم ادا کرنی ہے۔

افسر حسابات (محاصل)

جناب .... معتمد دوم۔ مرکزی محاصل بورڈ اسلام آباد

نظامتِ اعلیٰ ڈاک غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : **رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات**

ازراہ کرم اس دفتر کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ کریں جس میں ہدایت کی گئی تھی کہ جو زمین ایبٹ آباد چھاؤنی میں مذکورہ بالا رہائشی کالونی کے لیے مختص کی گئی تھی اُس پر قبضہ حاصل کرنے کے لیے چھاؤنی کے حکام سے رابطہ قائم کریں اور اُن سے پوچھ کر بتائیں کہ حسابدار اعلیٰ کا نمائندہ کس تاریخ کو قبضہ حاصل کرنے کے لیے ایبٹ آباد آئے۔

۲۔ آپ نے اب تک اس سلسلے میں کوئی اطلاع نہیں دی۔ گذارش ہے کہ ضروری کارروائی کرکے اس دفتر کو مطلع کریں۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نائب نگران کار عسکری حسابات ایبٹ آباد

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نائب نگران کار عسکری حسابات

ایبٹ آباد

موضوع : **رہائشی کالونی برائے عسکری حسابات**

ازراہِ کرم موضوع بالا پر اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ اس ضمن میں گذارش ہے کہ یہ دفتر چھاؤنی کے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطہ قائم کر رہا ہے لیکن قبضہ حاصل کرنے سے پیشتر مٹی کا جائزہ لینا ضروری ہے جس کے لیے متعلقہ ماہرین سے بھی رابطہ قائم کیا جا رہا ہے۔ جس وقت بھی مٹی کا جائزہ لے لیا گیا اس کی رپورٹ پیش کر دی جائے گی۔

نائب نگران عسکری حسابات

دفتر حسابدارِ اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نائب نگران کار عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نائب نگران کار عسکری حسابات

ایبٹ آباد

موضوع : رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات

ازراہِ کرم اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں جس میں موضوع بالا کے بارے میں عرض کیا گیا تھا کہ مٹی کے نمونے کا جائزہ لے کر رپورٹ ارسال کی جائے گی۔

۲۔ ایبٹ آباد چھاؤنی کے حکام نے اب اطلاع دی ہے کہ مذکورہ بالا قطعۂ زمین، عسکری تربیت گاہ کے نزدیک ہونے کی وجہ سے رہائش کے لیے موزوں نہیں ہے اور عسکری حکام نے یہ جگہ تربیتی مشقوں کے لیے بھی مخصوص کر رکھی ہے۔

۳۔ اس صورتِ حال میں استدعا ہے کہ مزید کارروائی کے لیے مناسب ہدایات جاری کی جائیں کیونکہ چھاؤنی حکام کو ابھی تک اس دفتر نے اثبات یا نفی میں جواب نہیں دیا ہے۔

نائب نگرانِ کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نائب نگران کار عسکری حسابات ایبٹ آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ___

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات

ازراہِ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ مذکورہ بالا قطعۂ زمین کے لیے اس محکمہ نے چھاؤنی کے حکام کو مبلغ ________ روپے بطور قیمت ادا کیے تھے جس کی رسید کی ایک نقل آپ کے دفتر میں بھی محفوظ ہے۔

۳۔ ازراہِ کرم متعلقہ حکام سے رجوع کریں کہ کیا ادا کردہ قیمت کے عوض اتنا ہی قطعۂ زمین کسی اور مناسب جگہ پر مل سکتا ہے یا نہیں۔ اس ضمن میں خیال رکھا جائے کہ رہائشی کالونی کے نقطۂ نظر سے جگہ شہر سے زیادہ دور نہ ہو اور وہاں ضروری شہری سہولیات بھی میسر ہوں۔ اور عسکری حسابات کے موجودہ دفاتر سے بھی دُور نہ ہو۔

۴۔ نئی جگہ کا انتخاب اور دیگر کارروائی کر کے جلد از جلد رپورٹ ارسال کی جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ
عسکری حسابات

نائب نگرانِ کار عسکری حسابات ایبٹ آباد

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ___

نائب نگرانِ کار عسکری حسابات

ایبٹ آباد

موضوع : رہائشی کالونی برائے عسکری حسابات

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ سے رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس ضمن میں گزارش ہے کہ دفتر ہذا نے چھاؤنی حکام کے تعاون سے مختلف مقامات کا جائزہ لیا ہے۔ اس جائزہ کے دوران چار مختلف جگہوں کا انتخاب کیا گیا ہے جن میں سے دو شہر کے قریب اور دو نسبتاً دور ہیں۔ ان کے نقشے اور دیگر کوائف ملفوف ہیں۔

۳۔ گزارش ہے کہ اگر آپ کے دفتر کا نمائندہ ان مقامات کا معائنہ کرے تو زیادہ بہتر ہوگا بہرحال اس دفتر کی رائے میں جو جگہ مانسہرہ روڈ پر واقع ہے، ہر لحاظ سے موزوں ہے۔

نائب نگرانِ کار

عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نائب نگران کار عسکری حسابات ایبٹ آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ مانسہرہ روڈ پر واقع مقام اس دفتر کی رائے میں مناسب ہے لیکن حتمی منظوری دینے سے پیشتر مندرجہ ذیل پہلوؤں کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

۱۔ مٹی / زمین کے نمونے کا جائزہ (Soil Test)

۲۔ پانی کی فراہمی کے بارے میں ماہرین کی رائے۔

۳۔ قرب و جوار کی زمینوں کے مستقبل میں رہائشی علاقے بننے کے امکانات۔

۴۔ عسکری حکام کی طرف سے دفاعی ضروریات کے لحاظ سے پروانۂ عدم اعتراض۔

ازراہ کرم مندرجہ بالا پہلوؤں پر تمام رپورٹیں حاصل کر کے اس دفتر کو بھیجی جائیں۔

برائے حسابدار اعلیٰ

عسکری حسابات۔

نائب نگرانِ کار عسکری حسابات ایبٹ آباد

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات۔ راولپنڈی۔

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : جگہ برائے دفاتر عسکری حسابات

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے محکمہ عسکری حسابات کے پشاور میں متعدد دفاتر ہیں۔ مثلاً مقامی محاسب اور مختلف یونٹوں کے حسابدار۔ یہ دفاتر مختلف مقامات پر بکھرے ہوئے ہیں اگر یہ یکجا ہو جائیں تو فرائض کی انجام دہی میں کافی سہولت پیدا ہو جائے۔

۲۔ گزارش ہے کہ شہر اور چھاؤنی کے متعلقہ حکام سے مل کر ایسی جگہوں کا انتخاب کیا جائے جن میں سے کوئی ایک عسکری حسابات کے دفاتر کے لیے موزوں ہوں۔

۳۔ اس سلسلے میں تفصیلی رپورٹ اس دفتر کو جلد ارسال کی جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگرانِ کار حسابات فضائیہ پشاور

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ____

نگرانِ کار حسابات فضائیہ

پشاور

موضوع : جگہ برائے دفاتر عسکری حسابات

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ دفتر ہذا نے چھاؤنی اور شہر کے متعلقہ حکام سے رابطہ قائم کیا ہے اس سلسلے میں گزارش ہے کہ جو مقامات بہتر محل وقوع رکھتے ہیں ان کی قیمتیں بہت زیادہ ہیں مثلاً یونیورسٹی ٹاؤن اور چھاؤنی کے وسطی علاقے اور جو علاقے کم قیمت پر میسر ہو سکتے ہیں ان کا محل وقوع عام اہلکاروں کو جن کے پاس اپنی سواریاں نہیں ہیں بہت دور پڑے گا۔ بہتر یہ ہے کہ اس دفتر کو زیادہ سے زیادہ قیمت کے بارے میں جو ادا کی جا سکتی ہے بتا دیا جائے تاکہ اُسے سامنے رکھ کر مناسب ترین جگہ کا انتخاب کیا جائے۔

نگرانِ کار حسابات

فضائیہ

حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگرانِ کار حسابات فضائیہ پشاور غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نگران کار حسابات فضائیہ پشاور

موضوع : رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات نوشہرہ اور مردان

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کریں جس میں اس دفتر کو ہدایت کی گئی ہے کہ عسکری حسابات پشاور کے دفاتر کے لیے مناسب جگہ کا انتخاب کیا جائے۔

اس ضمن میں آپ کے دفتر کی توجہ اس امر کی طرف بھی دلائی ہے کہ نوشہرہ اور مردان میں عسکری حسابات کے کئی سو اہلکار کام کر رہے ہیں جن کی رہائش کے لیے معقول انتظامات نہیں کیے گئے۔ عام طور پر یہ اہلکار فوجی رہائش گاہوں کی توقع میں اپنے قیام کا عرصہ گزار دیتے ہیں لیکن فوج کی اپنی رہائشی ضروریات ظاہر ہے کہ مقدم رکھی جاتی ہیں۔

گزارش ہے کہ اس دفتر کو اجازت دی جائے کہ وہ نوشہرہ اور مردان میں چھاؤنیوں کے حکام سے مل کر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرے۔

نگران کار حسابات فضائیہ پشاور

حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگران کار حساباتِ فضائیہ پشاور غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : رہائشی کالونی برائے محکمہ عسکری حسابات نوشہرہ و مردان

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کریں جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

آپ کی تجویز پر اس دفتر میں غور کیا جا رہا ہے لیکن حتمی منظوری دینے سے پہلے مندرجہ ذیل پہلوؤں پر غور کرنا ضروری ہے۔

(الف) عسکری حکام رہائشی کالونی کے لیے جگہ قیمتاً دیں گے یا سرکاری طور پر دی جائے گی۔

(ب) مناسب جگہ کے لیے دفاعی ضروریات کے لحاظ سے چھاؤنی کے حکام کو پروانۂ عدم اعتراض دینا ہوگا۔

(ج) اہلکاروں کو سرکاری مکانات لینے کی صورت میں رہائشی الاؤنس نہیں ملے گا جس سے انہیں نقصان کا احتمال ہو سکتا ہے، کیونکہ بیشتر اہلکار، ان علاقوں میں اپنے اہل خانہ کو لے جانا پسند نہیں کرتے۔

گزارش ہے کہ ان پہلوؤں کے بارے میں تفصیلی رپورٹ ارسال کی جائے تاکہ تجویز پر کماحقہ غور کیا جا سکے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار حسابات فضائیہ پشاور

حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت پر ـــــ مورخہ ـــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : رہائشی مکانات برائے افسران عسکری حسابات

جیسا کہ وزارتِ دفاع کو معلوم ہے کہ کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں عسکری حسابات کے بہت سے دفاتر ہیں جن میں کام کرنے کے لیے عسکری حسابات کے افسران کو تعینات کیا جاتا ہے لیکن محکمہ کے پاس اپنے مکانات نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بہت زیادہ کرائے اور مناسب محل وقوع میں مکانوں کا نہ ملنا اور دیگر مسائل کی وجہ سے افسران اپنے سرکاری فرائض کی انجام دہی کی طرف پوری توجہ نہیں دے سکتے۔

یہ محکمہ غور و فکر کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ محکمے کے پاس اپنے مستقل مکانات ہونے چاہئیں چونکہ کرائے کی شرح میں جو بہرحال حکومت کو دینا ہوتا ہے روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اس لیے محکمے کے پاس اپنے مکانات ہونے کی صورت میں حکومت کا مالی فائدہ بھی ہے۔

گزارش ہے کہ کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں افسران کے رہائشی مکان بنانے کی اصولی طور پر منظوری دی جائے اور اس مقصد کے لیے علیحدہ میزانیہ بھی منظور کیا جائے۔

حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

معتمد دفاع راولپنڈی

حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : نقشہ جات برائے مکانات عسکری حسابات

اس دفتر نے وزارتِ دفاع کے ساتھ یہ مسئلہ اٹھایا ہے کہ عسکری حسابات کے افسروں کے لیے رہائشی مکانات بنانے کی اجازت دی جائے۔ اس ضمن میں آپ سے گزارش ہے کہ لاہور کے دفاتر کے ساتھ جو خالی جگہ موجود ہے اس میں گریڈ ۱۹ اور ۲۰ کے افسروں کے مکانات بنانے کے لیے مناسب نقشے بنوا کر منظوری کے لیے بھیجے جائیں۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات لاہور

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات ۔ راولپنڈی

موضوع : نقشہ جات برائے مکانات عسکری حسابات

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے ۔

۲۔ گزارش ہے کہ ارسال کردہ نقشے ضروریات کے مطابق نہیں ہیں ۔ لان بہت بڑے ہیں اور ملازموں کے کمرے رہائشی کمروں سے دور واقع ہیں ۔ اس سلسلے میں یہ دفتر اپنی رائے الگ ارسال کر رہا ہے ۔

۳۔ ازراہ کرم ان آراء کے مطابق ترمیم شدہ نقشے جلد از جلد ارسال کریں ۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات لاہور

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نگران کار عسکری حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات چک لالہ

موضوع : حسابات کی عمومی حالت

ازراہ کرم رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی سے متعلق حسابات کی عمومی حالت کی رپورٹ ملاحظہ فرمائیں ۔ اس ضمن میں آپ کی توجہ اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے جس میں ان معاملات کی فہرست دی گئی ہے جو قابل توجہ ہیں ۔

نگران کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگران کار عسکری حسابات چکلالہ ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات، راولپنڈی

موضوع : حسابات کی عمومی حالت

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

حساب دار اعلیٰ نے اس رپورٹ پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور خواہش ظاہر کی ہے کہ ان معاملات میں ملوث دفاتر کا سو فیصد محاسبہ کیا جائے اور رپورٹ اس دفتر کو ارسال کی جائے تاکہ معتمد دفاع کو صورت حال سے باخبر کیا جا سکے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات چکلالہ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : خصوصی محاسبہ

حسابدار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ مندرجہ ذیل منصوبوں کا، جو آپ کے دفتر کے دائرہ کار میں واقع ہیں خصوصی محاسبہ کیا جائے اور رپورٹ اس دفتر کو بھیجی جائے۔

۱۔ شاہراہ ریشم (زیر تعمیر حصے)
۲۔ خصوصی مواصلاتی تنظیم (شمالی علاقہ جات)
۳۔ آزاد کشمیر کی شاہراہیں (مرمت وغیرہ)

۲۔ ازراہ کرم جواب جلد دیا جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات، محکمہ سرحدی تعمیرات چک لالہ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نگران کار عسکری حسابات
چک لالہ

موضوع : خصوصی محاسبہ

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف رجوع کریں جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

حسب ہدایت محاسبہ جماعتیں روانہ کر دی گئی ہیں اور محاسبہ رپورٹیں ضروری کارروائی کے لیے پیش خدمت کر دی جائیں گی۔

یہ بھی گذارش ہے کہ شاہراہ ریشم کے زیر تعمیر حصے بہت بلندی پر واقع ہیں اور سخت سردی کی زد میں ہیں۔ سول ملازمین کے لیے اس موسم میں وہاں رہ کر محاسبہ کرنا ممکن نہیں ہوگا۔ اگر حسابدار اعلیٰ اجازت مرحمت فرمائیں تو اس کا محاسبہ موسم گرما تک ملتوی کر دیا جائے۔

نگران کار عسکری حسابات
محکمہ سرحدی تعمیرات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی
نگران کار عسکری حسابات چک لالہ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : دفتر مقامی محاسبہ ـــــ شمالی علاقہ جات

اس دفتر کو کچھ رپورٹیں موصول ہوئی ہیں جن کے مطابق مقامی محاسبہ افسر کا دفتر جو جوٹیال میں تعینات ہے اپنے فرائض کی انجام دہی مناسب طور پر نہیں کر رہا۔

ان رپورٹوں کی رو سے دفتر کے ملازمین شمالی علاقہ جات میں محاسبہ کے عرصہ کے دوران، غیر حاضر رہتے ہیں اور وہ عرصہ جو انہیں باہر گزارنا ہوتا ہے، دفتر میں یا راولپنڈی میں گزار دیتے ہیں۔

حسابدار اعلیٰ نے اس صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ صورت حال کو فی الفور بہتر کیا جائے اور تفصیلی رپورٹ بھیجی جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات چک لالہ
دفتر حسابات اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نگران کار عسکری حسابات

چک لالہ راولپنڈی

موضوع : دفتر مقامی محاسبہ شمالی علاقہ جات

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں۔ جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

۲۔ نگران کار حسابات نے خود وہاں جا کر حالات کا جائزہ لیا ہے اور مقامی افسر کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ صورت حال کا تدارک کرے۔ اس کے علاوہ محاسبہ جماعتوں کو چیک کرنے کے لیے نائب نگران کار کو علاقے (فیلڈ) میں بھی بھیجا جائے گا اور حاضری کے بارے میں ہفتہ وار رپورٹیں اس دفتر میں وصول کی جائیں گی۔

۳۔ حسابدار اعلیٰ کو اس ضمن میں ماہانہ رپورٹ ارسال کی جائے گی۔

نگران کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

نگران کار عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نگران کار عسکری حسابات

چک لالہ راولپنڈی

موضوع : اختتامی محاسبہ۔ پٹن

ازراہ کرم پٹن سے منتقل ہو جانے والی عسکری یونٹوں کے اختتامی محاسبے کی خاص رپورٹ ملاحظہ فرمائی جائے جو ملفوف ہے۔

چونکہ حسابدار اعلیٰ نے اختتامی محاسبے کے بارے میں خصوصی ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔ اس لیے یہ رپورٹ ارسال کی جا رہی ہے۔

نگران کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگران کار عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

محکمہ سرحدی تعمیرات
صدر دفتر۔ راولپنڈی

موضوع : بلوں کی ادائیگی میں تاخیر

ناظم اعلیٰ سرحدی تعمیرات نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ نگران کار عسکری حسابات کے دفتر سے ادائیگیاں بہت تاخیر سے ہو رہی ہیں۔

۲۔ اس ضمن میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ جو ٹھیکیدار شمالی علاقہ جات میں تعینات جوانوں کے لیے خوراک مہیا کرتے ہیں انہیں بروقت بلوں کی ادائیگی نہ کرنے سے رسد کا سلسلہ منقطع یا متاثر ہو سکتا ہے جس کے نتائج ہرگز خوشگوار نہیں ہوں گے۔

۳۔ گزارش ہے کہ متعلقہ عملہ اور افسران کو ہدایت کی جائے کہ صورتحال کو بہتر کریں۔

ناظم حسابات

نگران کار عسکری حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات صدر دفتر راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

نگران کار عسکری حسابات
چک لالہ، راولپنڈی

موضوع : بلوں کی ادائیگی میں تاخیر

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

اس ضمن میں گزارش ہے کہ ٹھوس شکایات پیش کی جائیں اور تاخیر شدہ معاملات کی فہرست مہیا کی جائے تاکہ چھان بین کر کے تاخیر کے ذمہ دار عملہ اور افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جا سکے۔

نگران کار عسکری حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات، صدر دفتر

نگران کار عسکری حسابات چک لالہ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

محکمہ سرحدی تعمیرات۔ صدر دفتر۔ راولپنڈی

موضوع : بلوں کی ادائیگی میں تاخیر

انداہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

اس سلسلے میں تاخیر شدہ معاملات ذیل میں درج کیے جا رہے ہیں۔

بل نمبر	متعلقہ صیغہ	بل کی تفصیل	بل جمع کرانے کی تاریخ	بل پاس ہونے کی تاریخ
......	ذخیرہ	خوراک گھگت	-	-
......	تنخواہ کی ادائیگی	غیر مستقل ملازمین کی تنخواہیں	-	-
......	تعمیرات	کرایہ دفتری عمارت	-	-
......	فنڈ	جی پی فنڈ۔ اختتامی ادائیگی	-	-

ان چند مثالوں سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کے دفتر میں کس قدر تاخیر سے بلوں کی ادائیگی کا کام ہو رہا ہے اور سرکاری ملازمین اور عام لوگ کس قدر مشکلات سے دوچار ہیں۔

ناظم حسابات

نگران کار عسکری حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات۔ صدر دفتر راولپنڈی کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نگران کار عسکری حسابات

چک لالہ۔ راولپنڈی

موضوع : بلوں کی ادائیگی میں تاخیر

انداہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

۲۔ آپ کے پیش کردہ معاملات میں سے ہر ایک کے بارے میں تفتیش کی گئی ہے اس ضمن میں گذارش ہے کہ بل جمع کرانے کی تاریخ اور بل پاس ہونے کی تاریخوں کے دوران میں ان میں سے اکثر بل آپ کے دفتر کو واپس بھیجے گئے ہیں۔ کیونکہ ان میں کوائف درج نہیں تھے جنہیں معلوم کیے بغیر متعلقہ صیغہ بل پاس نہیں کر سکتا تھا۔ اگر بل مجوزہ طریق کار کے مطابق شروع ہی میں تیار کر دیے جاتے تو تاخیر نہ ہوتی۔

۳۔ اس کے باوجود متعلقہ افسرانِ صیغہ کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ بل جمع ہو جانے کے بعد تین دن کے اندر اندر اس کی ادائیگی کی جائے یا غلط ہونے کی صورت میں اسے فوراً واپس بھیج دیا جائے۔

نگرانِ کار عسکری حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات

نگرانِ کار عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : عسکری حسابات کے قوانین کی کتابوں پر نظر ثانی

یہ دفتر قواعد کے مندرجہ ذیل مجموعوں پر نظر ثانی کر رہا ہے۔

۱۔ سفر خرچ اور یومیہ الاؤنس کے قوانین۔

۲۔ عسکری تعمیراتی قوانین کا مجموعہ۔

۳۔ مقامی محاسبہ، دستور العمل۔

۴۔ پنشن کے قوانین کا مجموعہ۔

نگران کار حضرات کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس سلسلے میں اپنی آراء سے آگاہ کریں تاکہ انہیں نظر ثانی اور ترمیم کے دوران پیش نظر رکھا جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

جملہ نگران کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نگران کار عسکری حسابات
لاہور

موضوع : عسکری حسابات کے قوانین کی کتابوں پر نظر ثانی

از راہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

اس ضمن میں گزارش ہے کہ پانچ برس قبل جب ان کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع کیے گئے تو ذیلی دفاتر کو ان کے نسخے مطلوبہ تعداد میں مہیا نہیں کیے گئے۔ اس دفتر کو ان کتابوں کا صرف ایک سیٹ مہیا کیا گیا تھا جبکہ نگران کار اور نائب نگران کار کے علاوہ بارہ صیغے اور لائبریری ان کے علاوہ ہیں۔ یہ کتابیں اس قدر بنیادی اور ضروری ہیں کہ ہر صیغے میں افسر صیغہ کے پاس بھی ایک سیٹ کا ہونا ضروری ہے۔

کتابوں کی طباعت اور کتابت کے معیار کی طرف خصوصی توجہ دی جائے اور ناقص اور غیر معیاری کاغذ اور طباعت سے از راہ کرم گریز کیا جائے۔

نگران کار عسکری حسابات لاہور

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگران کار عسکری حسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفترِ حسابدارِ اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : یومِ پاکستان کے سلسلے میں تقاریب کا اہتمام

وفاقی حکومت نے ہدایت کی ہے کہ تمام محکمے یومِ پاکستان شایانِ شان طریقے سے منائیں۔

اس سلسلے میں تمام نگران کار صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ یومِ پاکستان کے لیے مناسب پروگرام ترتیب دے کر اس دفتر کو منظوری کے لیے ارسال کریں تاکہ اس کی منظوری دی جا سکے۔

نگران کاروں کی خدمت میں گزارش ہے کہ اس کام میں ذاتی اور خصوصی دلچسپی لیں۔

نائب حسابدارِ اعلیٰ

عسکری حسابات

جملہ نگرانِ کار عسکری حسابات

دفترِ حسابدارِ اعلیٰ، عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفترِ حسابدارِ اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : تربیت برائے کمپیوٹر

جیسا کہ نگرانِ کار صاحبان کو معلوم ہے اس دفتر میں کمپیوٹر کا شعبہ قائم کیا گیا ہے اور وزارتِ خزانہ سے جدید ترین کمپیوٹر خریدنے کی منظوری بھی حاصل کی جا چکی ہے۔

اس منصوبے کے لیے اس دفتر کو نوجوان اور لائق کارکنوں کی ضرورت ہے تمام نگرانِ کار درخواست ہے اپنے اپنے عملے سے پوچھیں کہ رضاکارانہ طور پر اس شعبے کے لیے کون کون تربیت حاصل کرنا چاہتا ہے اور اس کے بعد رضامند اہلکاروں کی فہرست میں سے ان لوگوں کے نام اس دفتر کو ارسال کر دیے جائیں جن کی گذشتہ تین سال کی رپورٹیں تسلی بخش ہیں۔

مذکورہ اہلکاروں کو یہ بتا دیا جائے کہ منتخب ہونے کی صورت میں انہیں مستقلاً کمپیوٹر میں کام کرنا پڑے گا۔

برائے حسابدارِ اعلیٰ

تمام نگرانِ کار عسکری حسابات

دفترِ حسابدارِ اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : **محکمانہ ترقیوں کی کمیٹی کا اجلاس**

مختصر نویسوں کی ترقی کے لیے محکمانہ ترقیوں کی کمیٹی کا اجلاس مورخہ ______ کو دن کے دس بجے نائب حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات کے دفتر میں منعقد ہو رہا ہے۔ کمیٹی کی تشکیل یہ ہے:

نائب حسابدارِ اعلیٰ عسکری حسابات	صدر نشین
نگران کار عسکری حسابات (افسران)	رکن
شریک نگران کار عسکری حسابات	رکن
معاون حسابدارِ اعلیٰ	معتمد

ازراہِ کرم اجلاس میں شرکت فرمائیں۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار عسکری حسابات (افسران)
شریک نگران کار عسکری حسابات، راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : **محکمانہ بھرتی کے لیے انٹرویو**

ازراہِ کرم اس دفتر کی یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس میں موضوع بالا کے حوالے سے آپ کو انٹرویو کمیٹی کا رکن نامزد کیا گیا ہے۔
انٹرویو کمیٹی مورخہ ______ سے اپنا کام شروع کر رہی ہے جس کا پروگرام اس طرح ہوگا۔

مقام	دفتر	مورخہ	وقت
راولپنڈی	نائب حسابدار اعلیٰ	یکم و ۲ جولائی	صبح نو بجے
اٹک	نائب نگران کار	۴ جولائی	صبح ۱۱ بجے
پشاور	نگران کار حسابات فضائیہ	۶ جولائی	”
لاہور	نگران کار محاسبہ	۸ جولائی	”
کراچی	نگران کار حسابات بحریہ	۱۱ جولائی	”

ازراہ کرم پروگرام کے مطابق کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں۔

معاون حسابدار اعلیٰ
عسکری حسابات۔

جناب ..... نائب نگران کار عسکری حسابات لاہور

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : معائنہ ــــــــ حسابدار اعلیٰ کا نمائندہ

آپ کے دفتر کے تفصیلی معائنہ کرنے کے لیے حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات کا نمائندہ، حسب ہدایت آرہا ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ تمام ضروری کاغذات اور حسابات اور کیش کے رجسٹر، اس کے تعلق کے مطابق پیش کریں۔

معاون حسابدار اعلیٰ

نگران کار حسابات بحریہ کراچی

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

قومی ادارہ نقل و حمل

صدر دفتر راولپنڈی
(National Logistic Cell)

موضوع : قومی ادارہ نقل و حمل میں حسابداروں کی مستعار الخدمتی (دفدیت)

اس ادارے کو اپنے متعلقہ دفاتر کے لیے حسابداروں کی ضرورت ہے اس ادارہ کی پالیسی یہ ہے کہ حتی الامکان سرکاری اداروں سے افرادی ضروریات پوری کی جائیں۔ اس سلسلے میں التماس ہے کہ مناسب حسابداروں کے کوائف پر مشتمل ایک فہرست روانہ کی جائے تاکہ اس میں سے موزوں اشخاص کو تین سال کے عرصہ کی مستعار الخدمتی (دفدیت) کے لیے منتخب کیا جاسکے۔

ــــــــ

ناظم مالیات

معاون حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات، راولپنڈی

قومی ادارہ نقل و حمل صدر دفتر غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : حسابداروں کی مستعار الخدمتی (وفدیت)

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف موضوع بالا کے حوالہ سے رجوع کریں۔

اس سلسلے میں عرض ہے کہ اس دفتر کا معمول یہ ہے کہ مناسب اشخاص کا خود ہی انتخاب کرکے ضرورت مند اداروں میں مستعار الخدمتی (وفدیت) کے لیے نامزد کیا جاتا ہے اور ناموں کی فہرست نہیں ارسال کی جاتی۔

آپ کے دفتر کے لیے رضامند امیدواروں کے نام اکٹھے کیے جا رہے ہیں اور حسابدار اعلیٰ کی منظوری کے بعد مناسب اشخاص کو تعینات کر دیا جائے گا۔

معاون حسابدار اعلیٰ

ناظم مالیات۔ قومی ادارہ نقل و حمل صدر دفتر راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ، عسکری حسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

قومی ادارہ نقل و حمل
(National Logistic Cell)
صدر دفتر راولپنڈی

موضوع : حسابداروں کی مستعار الخدمتی (وفدیت)

ازراہ کرم اپنے دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا پر ہے۔

اس سلسلے میں گذارش ہے کہ تا حال آپ کے دفتر کی طرف سے کوئی حسابدار تعینات نہیں ہوا چونکہ اس دفتر کو یہ اسامیاں جلد پُر کرنی ہیں اس لیے فوری طور پر کارروائی کرکے صورت حال سے مطلع کیا جائے۔

ناظم مالیات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

قومی ادارہ نقل و حمل صدر دفتر راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : حسابداروں کی مستعار الخدمتی (وفدیت)

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

اس سلسلے میں تین حسابداروں کی تعیناتی کے احکام جاری کر دیے گئے ہیں جن کی نقل ملفوف ہے۔

معاون حسابدار اعلیٰ

ناظم مالیات قومی ادارہ نقل و حمل راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ، عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

قومی ادارہ نقل و حمل
(National Logistic Cell)
صدر دفتر راولپنڈی

موضوع : حسابداروں کی مستعار الخدمتی (وفدیت)

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف، جو موضوع بالا پر ہے رجوع کریں۔

۲۔ تاحال تین تعینات کردہ حسابداروں میں سے صرف ایک نے حاضری دی ہے باقی دو کو نگران کار عسکری حسابات راولپنڈی اور لاہور نے ابھی تک سبکدوش نہیں کیا۔ اس دفتر کے استفسار پر انہوں نے بتایا ہے کہ ابھی تک آپ نے منتخب حسابداروں کے بدل میں ان کے دفاتر میں نئے حسابدار نہیں متعین کیے۔

۳۔ گزارش کی جاتی ہے کہ منتخب شدہ حسابداروں کو سبکدوش کرایا جائے تاکہ وہ یہاں آکر کام شروع کر سکیں۔

ناظم مالیات

معاون حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

قومی ادارہ نقل و حمل راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

قومی ادارہ نقل وحمل
(National Logistic Cell)
صدر دفتر راولپنڈی

موضوع : منصوبہ الاؤنس برائے مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں۔

اس سلسلے میں وزارتِ مالیات (عسکری) نے اپنی یادداشت نمبر مورخہ کی رو سے فیصلہ کیا ہے کہ مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین منصوبہ الاؤنس کے اہل نہیں ہوں گے کیونکہ وہ مستعار الخدمتی (وفدی) الاؤنس لے رہے ہیں۔

ناظم مالیات

معاون حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

قومی ادارہ نقل وحمل راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : منصوبہ الاؤنس برائے مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

٢۔ اس ضمن میں گذارش ہے کہ مستعار الخدمتی (وفدی) الاؤنس منصوبہ الاؤنس کی نسبت مقدار میں بہت کم ہے جبکہ مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین بھی آپ کے ادارے میں اتنا ہی کام کرتے ہیں جتنا کہ دوسرے ملازمین۔

٣۔ ازراہ کرم یہ مسئلہ وزارتِ مالیات (عسکری) کی خدمت میں دوبارہ پیش کیا جائے، تاکہ وہ اپنے سابقہ فیصلہ پر نظرِ ثانی کر سکیں۔

....
برائے حسابدار اعلیٰ

ناظم مالیات قومی ادارہ نقل وحمل راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : **محاسبہ کی تصفیہ طلب رپورٹیں**

محاسبِ اعلیٰ پاکستان نے اپنے مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ کی رُو سے موضوع بالا کے حوالہ سے ہدایت کی ہے کہ وہ محاسبہ رپورٹیں جو گذشتہ کئی برس سے تصفیہ طلب چلی آ رہی ہیں، ان کا تصفیہ کیا جائے۔ اس ضمن میں تفصیلی رپورٹ اس دفتر کو ارسال کی جائے۔ جس میں ایسی رپورٹوں کے کوائف درج ہیں۔

معاون افسرِ محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ، واہ
دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

ناظم تجارتی محاسبہ
واہ

موضوع : **محاسبہ کی تصفیہ طلب رپورٹیں**

از راہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس سلسلے میں تفصیلی رپورٹ ملفوف ہے۔ رپورٹ کے ملاحظے سے آپ دیکھیں گے کہ اکثر تصفیہ طلب رپورٹیں کارپوریشنوں کے محاسبہ کی ہیں اور ان اعتراضات پر مشتمل ہیں جو نہ تو حتمی پیرا بن سکے اور نہ ہی اُن کے جوابات متعلقہ کارپوریشنوں نے دیئے۔

۳۔ اس سلسلے میں اس دفتر کو مناسب ہدایات دی جائیں۔

- - - - - - - - - -
ناظم تجارتی محاسبہ

ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی
ناظم تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : محاسبہ کی تصفیہ طلب رپورٹیں

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ ناظم اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ مخصوص محاسبہ جماعتیں ان کارپوریشنوں کے دفاتر میں بھیجی جائیں جو وہاں پر متعلقہ ریکارڈ دیکھ کر اعتراضات کا تصفیہ کریں کیونکہ مراسلت سے معاملات میں غیر ضروری تاخیر ہونے کا امکان ہے۔

۳۔ اس سلسلے میں تمام تصفیہ طلب رپورٹیں ایک ماہ کے اندر اندر ختم کی جائیں اور رپورٹ اس دفتر کو ارسال کی جائے۔

معاون افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ واہ
دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

ناظم تجارتی محاسبہ
واہ

موضوع : محاسبہ کی تصفیہ طلب رپورٹیں

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ حسب ایما محاسبہ جماعتیں کارپوریشنوں میں بھیجی جا رہی ہیں لیکن اس ضمن میں عرض ہے کہ ایک ماہ کے اندر اندر تمام رپورٹوں کا تصفیہ ممکن نہیں ہے کیونکہ محاسبہ جماعتوں کی تعداد بہت کم ہے۔ دو جماعتیں پہلے ہی خصوصی محاسبے کے لیے مامور کی جا چکی ہیں جن کی رپورٹ آپ کے نیم سرکاری مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کے مطابق جلد از جلد ارسال کرنی ہے۔

۳۔ تاہم جس قدر جلد ممکن ہو سکا تمام تاخیر شدہ رپورٹوں کو نمٹا کر رپورٹ ارسال کر دی جائے گی۔

ناظم تجارتی محاسبہ

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی
ناظم تجارتی محاسبہ واہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : میزانیہ کے تخمینے برائے سال ۔۔۔۔ ۱۹

اس دفتر کو نظامت اعلیٰ تجارتی محاسبہ کے میزانیہ تخمینے برائے سال ۔۔۔ ۱۹ مورخہ ______ تک محاسب اعلیٰ پاکستان لاہور کے دفتر میں ارسال کرنے ہیں۔ ان تخمینوں میں واہ اور لاہور کے دفاتر کے حلقہ کے تخمینے بھی شامل ہیں۔

۲۔ ازراہ کرم اپنے دفتر سے متعلق مطلوبہ تخمینے مورخہ ______ تک اس دفتر میں ارسال کر دیں تاکہ محاسب اعلیٰ پاکستان کو بروقت بھیجے جا سکیں۔

معاون افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ واہ / لاہور

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ واہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

ناظم تجارتی محاسبہ
واہ

موضوع : حسابدار کے خلاف تادیبی کارروائی

ازراہ کرم آج کی ٹیلی فون کی گفتگو مابین ناظم اعلیٰ و ناظم کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ جناب ۔۔۔۔۔۔ حسابدار نے چونکہ محاسبہ جماعت میں شامل ہونے سے انکار کر دیا تھا اور مطالبہ کیا تھا کہ انہیں ہر حالت میں دفتر حلقہ میں ہی تعینات کیا جائے اس لیے انہیں معطل کرنا پڑا ہے۔ کیونکہ بصورت دیگر دفتر کا نظم و ضبط خراب ہونے کا اندیشہ تھا۔

۳۔ جناب ۔۔۔۔۔ افسر محاسبہ کو افسر تحقیقات مقرر کیا گیا ہے اور ہدایت کی گئی ہے کہ دو ہفتے کے اندر اندر رپورٹ پیش کریں۔

ناظم تجارتی محاسبہ

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی

ناظم تجارتی محاسبہ (واہ) غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ
کراچی

موضوع : حسابدار کے خلاف تادیبی کارروائی

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ نے مذکورہ بالا حسابدار کو معطل کرنے کی کارروائی کی منظوری دے دی ہے

۳۔ اس کے بعد کی ضروری کارروائی متعلقہ قواعد و ضوابط کی روشنی میں کی جائے۔

معاون افسر محاسبہ

ناظم تجارتی محاسبہ واہ

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

ناظم تجارتی محاسبہ
واہ

موضوع : عمارت برائے دفتر تجارتی محاسبہ

جیسا کہ نظامتِ اعلیٰ تجارتی محاسبہ کے علم میں ہے کہ اس دفتر کی موجودہ عمارت "صنعت سامانِ حربی" P.O.F. کی ملکیت ہے اور فرنیچر وغیرہ بھی انہی کا ہے۔

۲۔ یہ عمارت اس دفتر کو اس وقت دی گئی تھی جب دفتر بہت مختصر تھا اور نائب ناظم دفتر کا سربراہ ہوتا تھا گذشتہ ایک دہائی میں دفتر کے افسروں اور عملہ کی تعداد میں کام کی مناسبت سے کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے اور ریکارڈ میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ اندریں حالات موجودہ دفتر بہت ناکافی ہے۔

۳۔ اگر اصولی منظوری دے دی جائے تو مناسب عمارت تلاش کی جائے تاکہ موجودہ تکلیف دہ حالات کا خاتمہ ہو سکے۔

ناظم تجارتی محاسبہ

ناظم اعلیٰ تجارتی محاسبہ کراچی

ناظم تجارتی محاسبہ واہ ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

دفتر ناظم تجارتی محاسب
واہ

موضوع : طبی اخراجات کی بازادائی

بحوالہ مالیات ڈویژن دفتری یادداشت نمبر ____ مورخہ ____ جو طبی اخراجات کی بازادائی کے طریق کی وضاحت کرتا ہے۔

۲۔ اس دفتر کے ملازمین اس وقت صنعتِ سامانِ حربی کے ہسپتال سے طبی سہولیات حاصل کرتے ہیں۔ لیکن طریق کار یہ ہے کہ وہ ڈاکٹروں کی فیس اور ادویات کی رقم خود ادا کرتے ہیں جن کی بعد میں وزارتِ صحت کی منظوری کے ساتھ حسابدارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد کے دفتر سے بازادائی ہوتی ہے لیکن یہ طریقہ اتنا طویل ہے کہ اس میں کئی ماہ لگ جاتے ہیں اور تجارتی محاسب کے ملازمین کو کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

۳۔ اس دفتر کی تجویز یہ ہے کہ تجارتی محاسب واہ کے ملازمین یہ رقم نہ ادا کریں اور صنعت سامان حربی ہسپتال کے حکام یہ رقوم براہِ راست حسابدارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد سے وصول کر لیں۔ اس طرح ملازمین طویل اور صبر آزما دفتری تاخیر سے بچ جائیں گے۔

ناظم مالیات

دفتر ناظم اعلیٰ تجارتی محاسب کراچی

ناظم تجارتی محاسب واہ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نگران کار اعلیٰ، عسکری حسابات

موضوع : ماہانہ رودادِ ترقی

۱۔ نگران کار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ ماہانہ روداد ترقی آئندہ ماہ سے ہر ماہ کی دس تاریخ تک اس دفتر میں موصول ہو جانی چاہیے۔

۲۔ ازراہِ کرم رسید سے مطلع کریں۔

نائب معاون نگرانِ کار

تمام دفاتر نگران کار عسکری حسابات

نگران کار اعلیٰ۔ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : فیلڈ دفاترِ ادائیگی کی حالتِ عمومی

نگران کار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ فیلڈ دفاتر ادائیگی جو جوانوں کی تنخواہ ادا کرتے ہیں کی عمومی حالت بہتر بنائی جائے۔ اس میں اُن کی کارکردگی، سہولیات اور دیگر پہلوؤں کا خاص خیال رکھا جائے۔

۲۔ فیلڈ نگرانِ کاران دفاتر میں ذاتی طور پر دلچسپی لیں اور رپورٹ اس دفتر کو ارسال کریں۔

نائب معاون نگرانِ کار

فیلڈ نگرانِ کار عسکری حسابات لاہور

دفتر نگرانِ کار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ______

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات
راولپنڈی

موضوع : تبادلہ پالیسی ——— ملازمین عسکری حسابات

بحوالہ حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات کی دفتری یادداشت نمبر ________ مورخہ ________

جس میں نئی تبادلہ پالیسی کے اصول بیان کیے گیے ہیں۔

۲۔ اس ضمن میں نگران کار اعلیٰ نے رائے ظاہر کی ہے کہ ذیلی دفاتر اس پالیسی کو مدِنظر نہیں رکھ رہے اور ایسی درخواستیں بھی ارسال کر دیتے ہیں جو نگران کار خود ہی نامنظور کر سکتے ہیں۔

۳۔ گزارش ہے کہ صرف ان ملازمین کی درخواستیں برائے تبادلہ ارسال کی جائیں جنہیں ایک مقام پر کم از کم تین برس بیت چکے ہوں۔

برائے نگران کار اعلیٰ

تمام دفاتر نگران کار عسکری حسابات

دفتر نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

موضوع : تبادلہ کے احکام پر عملدرآمد

ازراہ کرم اس دفتر کے دفتری حکم نامہ نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں جس کی رو سے آپ کے دفتر کے حسابدار جناب .... کو فوری طور پر اٹک میں تعینات کیا گیا ہے۔

۲۔ نگران کار اعلیٰ نے اس امر کا بہت سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے کہ ایک ماہ گزر جانے کے باوجود مذکورہ بالا اہل کار کو آپ کے دفتر سے سبکدوش نہیں کیا گیا جبکہ اٹک کے دفتر میں اس کی شدید ضرورت ہے۔

۳۔ ازراہ کرم مذکورہ بالا اہل کار کو فوراً سبکدوش کر کے اس دفتر کو اطلاع دی جائے۔

برائے نگران کار اعلیٰ

فیلڈ نگران کار عسکری حسابات

دفتر نگران کار اعلیٰ راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نگران کار اعلیٰ، عسکری حسابات

جی ایچ کیو۔ راولپنڈی

موضوع : تبادلہ کے احکام پر عملدرآمد

اس دفتر کے مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ مختلف اہلکاروں کے تبادلہ کے احکام پر جو یہاں سے جاری کیے جاتے ہیں فوری عملدرآمد نہیں کیا جاتا اور اب یہ روزمرہ کا معمول بن گیا ہے کہ جب اہل کار کا تبادلہ کیا گیا ہو اسے سبکدوش کرنے کے بجائے اس کی درخواست برائے تنسیخ تبادلہ ارسال کر دی جاتی ہے اس صورت حال کی وجہ سے محکمہ کے نظم و نسق پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

۲۔ تمام ذیلی دفاتر کو ہدایت کی جاتی ہے کہ تبادلے کے احکام پر فوری عملدرآمد کرایا جائے اور سبکدوش ہونے سے قبل دی گئی درخواستیں ارسال نہ کی جائیں۔

برائے نگران کار اعلیٰ

تمام دفاتر نگران کار

دفتر نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

فیلڈ نگران کار عسکری حسابات

لاہور

موضوع : تبادلے کے احکام پر عملدرآمد

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں۔
جس میں جناب .... حسابدار کو سبکدوش کرنے کے لیے حکم دیا گیا ہے ۔

۲۔ مذکورہ بالا حسابدار کو اس دفتر میں منتقل دو سال ہوئے ہیں جبکہ اس سے پہلے بھی وہ دور افتادہ مقامات پر ملازمت کرتا رہا ہے چونکہ اس کی کارکردگی بہت تسلی بخش ہے اور اس کے گھریلو مسائل ایسے ہیں کہ وہ لاہور سے باہر نہیں جا سکتا اس لیے ازراہ کرم اسے کم از کم ایک سال اور لاہور ہی میں رہنے دیا جائے ۔

نگران کار

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات جی ایچ کیو ، راولپنڈی

فیلڈ نگران کار ، عسکری حسابات ، لاہور

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : تبادلے کے احکام پر عملدرآمد

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ آپ کی سفارش پر اس دفتر میں غور کیا گیا ہے لیکن نگران کار اعلیٰ نے انتظامی وجوہ کی بنا پر درخواست کو منظور نہیں کیا۔

۳۔ نگرانِ کار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ حسابدار کو فوراً سبکدوش کیا جائے ۔

برائے نگران کار اعلیٰ

فیلڈ نگرانِ کار ، لاہور

نگران کار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نگران کار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : فیلڈ دفترِ ادائیگی (F. P. O) کوئٹہ کی غیر تسلی بخش حالت

ایک رپورٹ موصول ہوئی ہے جس کے مطابق دفترِ ادائیگی کوئٹہ کی حالت انتہائی غیر تسلی بخش ہے۔ نائب معاون نگران کار جو دفتر کا انچارج ہے اکثر و بیشتر دفتر میں موجود نہیں رہتا اور دیگر ملازمین و اہلکار بھی نظم و ضبط کی مطلق پرواہ نہیں کرتے جس سے تنخواہ کا حساب کتاب متاثر ہو رہا ہے۔

۲۔ نگران کار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ فیلڈ نگرانِ کار یا ان کے نائب خود کوئٹہ جا کر حالات کا جائزہ لیں اور مناسب اقدامات کر کے تفصیلی رپورٹ اس دفتر کو بھیجیں۔

برائے نگران کار اعلیٰ

فیلڈ نگرانِ کار لاہور لاہور

نگران کار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

فیلڈ نگران کار عسکری حسابات

لاہور

موضوع : فیلڈ دفترِ ادائیگی (F. P. O) کوئٹہ کی غیر تسلی بخش حالت

۱۔ ازراہِ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ نائب نگران کار کو فی الفور معائنہ کے لیے کوئٹہ روانہ کر دیا گیا ہے جو صورتِ حال کا جائزہ لے کر موقع ہی پر مناسب احکام صادر کریں گے۔ تفصیلی رپورٹ ان کے آنے پر آپ کے دفتر کو ارسال کر دی جائے گی۔

بیرونی نگرانِ کار

دفتر نگرانِ کار اعلیٰ عسکری حسابات

فیلڈ نگرانِ کار غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر نگرانِ کار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : **نگران کار عسکری پنشن**

نگران کار اعلیٰ نے ہدایت کی ہے کہ جناب .... نگران کار عسکری پنشن مورخہ ——— کو نگرانِ کار اعلیٰ کے دفتر میں تشریف لائیں تاکہ ان سے ان کے دفتری امور کے بارے میں کچھ اہم معاملات طے کیے جائیں۔

برائے نگران کار اعلیٰ

نگران کار عسکری پنشن علاحدہ

دفتر نگران کار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : **زرعی ترقیاتی اکادمی کوئٹہ کے منصوبہ کی پیش رفت**

صدر پاکستان کی ہدایت کے مطابق صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اہم منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا جانا ہے اس مقصد کے لیے اس ڈویژن، متعلقہ وزارت اور متعلقہ صوبائی محکمے کے نمائندوں پر مشتمل خصوصی جماعتیں تشکیل دی گئی ہیں۔ منصوبہ کے حکام کی فراہم کردہ اطلاعات اور ان کے ساتھ بحث پر مشتمل رپورٹیں تیار ہو چکی ہیں اور آپ کے محکمے سے متعلق رپورٹ ملفوف ہے۔

۲۔ گزارش کی جاتی ہے کہ رپورٹ پر اپنی رائے ایک ہفتہ کے اندر اندر ارسال کریں تاکہ ڈویژن اپنی رپورٹوں کو حتمی شکل دے کر جائزہ کمیٹی کے سامنے پیش کر سکے۔ جائزہ کمیٹی کا اجلاس مورخہ ——— کو ہو رہا ہے۔

نائب ناظم (منصوبہ بندی)

جناب .... وزارت مقامی حکومت و دیہی ترقیات

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

صدر پاکستان کی ہدایت کے مطابق اہم ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینا ہے اس مقصد کے لیے جائزہ کمیٹیاں تشکیل دی جا رہی ہیں۔

گزارش ہے کہ موزوں افسروں پر مشتمل نامزدگیاں اس ڈویژن کو ارسال کی جائیں تاکہ انہیں جائزہ ٹیموں میں شامل کر کے جائزے کا کام شروع کیا جا سکے۔ جس کی رپورٹ قومی اقتصادی کونسل کو پیش کرنی ہے۔

نائب ناظم

تمام ڈویژن اور وزارتیں

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

دفتر حسابدار اعلیٰ

عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : انضباطی معاملات میں تاخیر

امور علاقہ ڈویژن کے معتمد کے نیم سرکاری مراسلہ نمبر ____ مورخہ ____ کی نقل جو وزارت مالیات (عسکری) کی وساطت سے موصول ہوئی ہے ضروری کارروائی کے لیے ارسال ہے۔

گزارش کی جاتی ہے کہ انضباطی معاملات کی فوری تکمیل کے لیے افسران تحقیق کے علم میں متعلقہ ہدایات فوری طور پر لائی جائیں۔

برائے حسابدار اعلیٰ

جملہ دفاتر نگران کار

دفتر حسابدار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : **معطل رہنے کے دوران فوائد و مراعات**

ازراہ کرم موضوع بالا پر امور عملہ ڈویژن حکومت پاکستان کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ جو وزارت مالیات (عسکری) کی وساطت سے موصول ہوئی ہے، ملفوف ہے۔ تمام متعلقہ افسران / عملے کو اس میں درج ہدایات سے آگاہ کیا جائے۔

برائے حسابدار اعلیٰ

تمام دفاتر نگران کار عسکری حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع : **سڑکوں کی تعمیر کے منصوبوں کے لیے زرمبادلہ کا تعین**

ازراہ کرم اس اجلاس کی روداد کی طرف رجوع کریں جو مورخہ ______ کو نائب صدر نشین منصوبہ بندی کمیشن کی زیر صدارت منعقد ہوا تھا جس میں اقتصادی امور ڈویژن کو ان منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے کہا گیا تھا جو جاپانی امداد سے چلتے ہیں۔ دیہی ترقیات ڈویژن نے اب اس ڈویژن سے درخواست کی ہے کہ اقتصادی امور ڈویژن کو رقوم مہیا کرنے کے لیے کہا جائے۔

۲۔ وزیر مالیات نے ہدایت کی ہے کہ زیر نظر منصوبوں کو جاپانی امداد سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے اور ساتھ ہی یہ بھی ہدایت کی ہے کہ منصوبوں کی تیاری مجوزہ مرسوموں پر نامزد ایجنسیوں کے ذریعے اور قواعد کے مطابق کی جائے۔

۳۔ معتمد منصوبہ بندی ڈویژن کی خدمت میں درخواست ہے کہ ہدایات کے مطابق ضروری کارروائی کریں۔

....

شریک معتمد

منصوبہ بندی ڈویژن (معتمد)

مالیات ڈویژن اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

اقتصادی امور ڈویژن، اسلام آباد

موضوع : ملیریا کی تحقیق اور کرم کش ادویات کے لیے جاپانی امداد

ازراہ کرم اس ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا سے متعلق ہے۔

۲۔ گذارش کی جاتی ہے کہ جلد از جلد جواب دیا جائے تاکہ رپورٹ متعلقہ محکمے کو ارسال کی جا سکے۔

افسر صیغہ

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن اسلام آباد

اقتصادی امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

اقتصادی امور ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : بلوچستان کے ساحلی خورد موج / مائیکرو ویو (Micro Wave) منصوبے کے لیے جاپانی امداد

ازراہ کرم موضوع بالا پر اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ دیں جس کا ابھی کوئی جواب نہیں دیا گیا۔

۲۔ ازراہ کرم اس ڈویژن کو مطلوبہ معلومات فی الفور فراہم کریں کیونکہ متعلقہ حلقے دباؤ ڈال رہے ہیں۔

افسر صیغہ

ناظم اعلیٰ محکمہ تار و ٹیلیفون اسلام آباد

اقتصادی امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

اقتصادی امور ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : پاکستان جاپان مشترکہ کمیشن کا اجلاس

ازراہ کرم وزارت مالیات کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔ جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ ایک دفعہ پھر التماس ہے کہ بینکوں کو اسلامیانے کے بارے میں مطلوبہ مقالہ جلد از جلد فراہم کیا جائے۔

افسر صیغہ

افسر تحقیق مالیات ڈویژن، اسلام آباد

اقتصادی امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

اقتصادی امور ڈویژن

موضوع : پاکستان میں غیر سودی بینکنگ پر مقالہ

ازراہ کرم اس ڈویژن کے نیم سرکاری مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا پر ہے۔ جاپانی، مقالے کا بے تابی سے انتظار کر رہے ہیں۔ مالیات ڈویژن نے اطلاع دی تھی کہ پاکستان بینکنگ کونسل کو یہ مضمون تیار کرنے کے لیے کہا گیا ہے اور موصول ہوتے ہی ارسال کر دیا جائے گا۔

۲۔ مالیات ڈویژن سے درخواست ہے کہ مقالہ جلد از جلد تیار کرایا جائے تاکہ جاپانی حکام کو بھیجا جا سکے۔

نائب معتمد

مالیات ڈویژن، اسلام آباد

اقتصادی امور ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : ساتویں پانچ سالہ منصوبے کی تیاری

میرے کمرے میں منعقدہ اجلاس مورخہ ______ کے مطابق فہرستیں تیار کرنا ہیں۔

۲۔ یہ فہرستیں منصوبوں کے شعبہ کے لحاظ سے ہوں گی جن منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا جا چکا ہے ان کی فہرستیں جائزہ رپورٹوں کے ساتھ علیحدہ تیار کی جائیں۔

۳۔ اصلاحی تجاویز متعلقہ شعبوں سے جلد از جلد منگوالی جائیں۔

۴۔ مورخہ ______ کو منعقدہ اجلاس میں حتمی فیصلے کیے جائیں گے۔

ناظم اعلیٰ

تمام متعلقہ افسران جو میرے شعبے میں ہیں۔

ناظم اعلیٰ شعبہ منصوبہ بندی، غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

وزارت داخلہ اسلام آباد

موضوع : ایران اور افغانستان سے فٹ بال ٹیموں کو دعوت

ازراہ کرم اپنی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا پر ہیں۔ اس ڈویژن کو اس تجویز پر کوئی اعتراض نہیں بشرطیکہ پروگرام کی تفصیلات پہلے سے بتا دی جائیں۔

۲۔ تاہم اس ڈویژن کی رائے یہ ہے کہ کھیلوں کی ٹیموں کی بجائے ثقافتی وفود کا تبادلہ بہتر ہوگا جس میں ہار جیت کا سوال نہیں ہوتا۔

۳۔ مقامی انتظامیہ کو تمام انتظامات بہت احتیاط سے کرنے کے لیے کہا جائے۔

. . . .

افسر سیفہ

وزارت تعلیم اسلام آباد

وزارت داخلہ، غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : <u>شمالی علاقوں میں منصوبوں کے حسابات کی علیٰحدگی</u>

ازراہ کرم اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں جس میں آپ کو کہا گیا تھا کہ شمالی علاقوں میں پایۂ تکمیل کو پہنچ جانے والے منصوبوں کے حسابات کو مجموعی حسابات سے الگ رکھا جائے تاکہ تدوین میں انہیں علیٰحدہ ظاہر کیا جا سکے۔

۲. ازراہ کرم مطلع کریں کہ مطلوبہ کام کب تک مکمل ہو سکے گا۔

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار حسابات محکمہ سرحدی تعمیرات راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

نگران کار حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات

چک لالہ راولپنڈی

موضوع : <u>شمالی علاقہ جات میں منصوبوں کے حسابات کی علیٰحدگی</u>

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں جو اوپر دیے ہوئے موضوع سے متعلق ہے۔

۲. اس ضمن میں گذارش ہے کہ علیٰحدگی کا کام جاری ہے لیکن مشترکہ حسابات میں کچھ مشکلات کا سامنا ہے بالائی اخراجات (Overhead Expenditure) چونکہ بہت سے منصوبوں کے مشترکہ ہیں اس لیے اُن کی علیٰحدگی میں کافی وقت لگ سکتا ہے۔

۳. تاہم کوشش کی جا رہی ہے کہ کام جلد از جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ جائے۔

نگران کار حسابات

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

نگران کار حسابات سرحدی تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات

راولپنڈی

موضوع : **قواعد کی خلاف ورزی ــــــــ حسابدار کی سبکدوشی**

ازراہ کرم اپنے دفتری حکم نامہ مورخہ ــــــــ نمبر ــــــــ کی طرف رجوع کریں جس کی ایک نقل اس دفتر کو بھیجی گئی ہے اور جس کی رو سے حسابدار جناب .... کو اپنے فرائض سے سبکدوش کر دیا گیا ہے۔

۲۔ اس سلسلے میں اس دفتر کو بتایا جائے کہ کیا مذکورہ بالا حسابدار نے (فلاں ملازمت) کے لیے درخواست اس دفتر کی وساطت سے دی تھی یا نہیں۔

....

برائے حسابدار اعلیٰ

نگران کار حسابات محکمہ سرحدی تعمیرات چک لالہ راولپنڈی

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

نگران کار حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات

چک لالہ راولپنڈی

موضوع : **قواعد کی خلاف ورزی ــــــــ حسابدار کی سبکدوشی**

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ مذکورہ بالا حسابدار نے (فلاں اسامی) کے لیے درخواست آپ کے دفتر کی وساطت سے نہیں دی تھی لیکن اُس کے کیریئر کی وجہ سے انسانی بنیادوں پر اُسے فارغ کیا گیا ہے تاکہ وہ بنیادی تکمیل نمبر ۲ کی ملازمت میں حاضر ہو سکے۔

۳۔ قواعد کی اس خلاف ورزی پر دفتر معذرت خواہ ہے اور آئندہ اس سے اجتناب کیا جائے گا۔

نگران کار

دفتر حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات، راولپنڈی

نگران کار حسابات محکمہ سرحدی تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

حکومت آزاد جموں و کشمیر

وزارتِ مالیات

مظفر آباد

موضوع : رقم برائے منصوبہ جات آزاد کشمیر

اندراہِ کرم چیک نمبر.......... بنام حبیب بنک لمیٹڈ برائے مبلغ........ روپے اس کیفیت کے ہمراہ ملفوف وصول کریں۔

۲۔ یہ رقم مد........ میں آزاد کشمیر میں زیرِ تکمیل منصوبوں کے ترقیاتی اخراجات کے ضمن میں ہے۔

۳۔ رسید سے مطلع کریں۔

....

معتمد

نگرانِ کار حسابات، محکمہ سرحدی تعمیرات چک لالہ راولپنڈی

وزارت مالیات حکومت آزاد کشمیر غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ______

نگران کار حسابات

محکمہ سرحدی تعمیرات

چک لالہ راولپنڈی

موضوع : رقم برائے منصوبہ جات آزاد کشمیر

اندراہِ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں جس کے ساتھ........ روپے کی رقم کا چیک ملفوف ہے۔

۲۔ یہ کیفیت رسید کے طور پر ارسال کی جا رہی ہے

نائب معاون نگران کار

معتمد مالیات، حکومت آزاد کشمیر مظفر آباد

نگران کار حسابات محکمہ سرحدی تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

محکمہ سرحدی تعمیرات

صدر دفتر راولپنڈی

موضوع : رقوم کی کمی برائے منصوبہ جات شمالی علاقہ جات

یہ ادارہ وزارتِ مواصلات کی طرف سے شمالی علاقوں میں تعمیری منصوبے پایۂ تکمیل کو پہنچا رہا ہے۔ یہ کام امانتی تعمیرات کے تحت ہو رہا ہے۔

۲۔ رواں مالی سال کے لیے جو رقوم وزارتِ مواصلات کو ان کاموں کے لیے ملی تھیں وہ از حد ناکافی تھیں اور اب قریب الاختتام ہیں جبکہ مالی سال ختم ہونے میں پورے چھ ماہ کا عرصہ باقی ہے۔

۳۔ ان کاموں میں مصروف جوانوں اور سامان کو نہ تو موقع پر بے مصرف رکھا جا سکتا ہے اور نہ ہی واپس لایا جا سکتا ہے۔ بلکہ اندیشہ ہے کہ تسلسل ٹوٹنے کی صورت میں مکمل شدہ کام بھی متاثر ہو سکتا ہے

۴۔ اندریں حالات گزارش ہے کہ باقی رقوم اس ادارہ کو جلد از جلد ارسال کی جائیں۔

ناظم مالیات

جناب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ شریک معتمد مالیات ڈویژن اسلام آباد

محکمہ سرحدی تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

مالیات ڈویژن ۔ اسلام آباد

موضوع : رقوم کی کمی ۔ برائے منصوبہ جات ۔ شمالی علاقہ جات

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ معاملہ اس ڈویژن کے زیر غور ہے اور آپ کو فیصلے کی اطلاع دی جائے گی۔

افسر صیغہ

ناظم مالیات محکمہ سرحدی تعمیرات راولپنڈی

مالیات ڈویژن ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت محاسبہ و حسابات

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : **فرنیچر برائے نظامت محاسبہ و حسابات**

اس نظامت میں گذشتہ برسوں کے دوران ملازمین کی تعداد میں کافی اضافہ ہو چکا ہے جب کہ فرنیچر کی مقدار بہت کم ہے اور جو ہے وہ بھی اچھی حالت میں نہیں ہے۔

۲۔ ازراہ کرم مبلغ . . . . روپے کی منظوری دی جائے تاکہ نیا فرنیچر خریدا جاسکے۔

ناظم

نظامت محاسبہ و حسابات، ادارۂ ترقیات، اسلام آباد

سرشعبہ مالیات ادارۂ ترقیات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

خصوصی مواصلاتی تنظیم

راولپنڈی

موضوع : **ناظم مالیات ــــ مستعار الخدمتی**

ازراہ کرم اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس میں استدعا کی گئی تھی کہ اس تنظیم میں ناظم مالیات کی اسامی پُر کرنے کے لیے ایک مناسب افسر مستعار الخدمتی (وفدیت) کے تحت نامزد کریں۔

۲۔ ازراہ کرم جلد جواب دیا جائے۔

ناظم انتظامیہ

معاون حسابدار اعلیٰ عسکری حسابات راولپنڈی

خصوصی مواصلاتی تنظیم غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

سر شعبۂ مالیات

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : **فرنیچر برائے نظامت محاسبہ و حسابات**

ازراہ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ تین پیش کشیں ارسال کی جائیں تاکہ معاملے پر غور کیا جا سکے۔

....

مالیاتی مشیر

نظامت محاسبہ و حسابات ادارہ ترقیات

سر شعبۂ مالیات، ادارہ ترقیات، غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نظامت محاسبہ و حسابات

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : **تعیناتی بطور محاسب**

اس کیفیت کے ساتھ مندرجہ ذیل امیدواروں کی درخواستیں ملفوف ہیں جو انہوں نے ناظم محاسبہ و حسابات کے نام ادارۂ ترقیات میں محاسب کی اسامیوں کے لیے دی ہیں۔

۱۔ جناب ....

۲۔ جناب ......

۳۔ جناب ......

۴۔ جناب ......

۲۔ گذارش کی جاتی ہے کہ ان امیدواروں کو آئندہ ہونے والے انٹرویو میں بلا لیا جائے تاکہ انہیں مناسب موقع مل سکے۔

ناظم

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ و حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نظامتِ انتظامیہ
ادارہ ترقیاتِ اسلام آباد

موضوع : **محاسب کی اسامیوں کے لیے انٹرویو**

مورخہ ________ کو دن کے دس بجے اس نظامت میں محاسب کی خالی اسامیوں کے لیے امیدوارں کا انٹرویو لیا جائے گا۔ انٹرویو کمیٹی کی تشکیل اس طرح ہو گی۔

ناظم انتظامیہ	صدر نشین
ناظم محاسبہ و حسابات	رکن
نائب ناظم انتظامیہ	رکن / معتمد

۲۔ ناظم محاسبہ و حسابات سے درخواست ہے کہ مقررہ وقت پر انٹرویو کمیٹی میں شریک ہونے کے لیے تشریف لائیں۔

نائب ناظم انتظامیہ

ناظم محاسبہ و حسابات
نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نظامت محاسبہ و حسابات
ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : **محاسب کی اسامیوں کے لیے انٹرویو**

از راہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________ کی طرف رجوع کریں

۲۔ گذارش کی جاتی ہے کہ انٹرویو کے نتیجہ میں جو امیدوار کامیاب ہوئے ہیں انہیں اس نظامت میں فی الفور تعینات کیا جائے کیونکہ عملہ کی کمی کی وجہ سے نظامت کا کام متاثر ہو رہا ہے۔

ناظم

ناظم انتظامیہ
نظامت محاسبہ و حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ________ مورخہ ________

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات، اسلام آباد

موضوع : محاسب کی اسامیوں کے لیے انٹرویو

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ اس نظامت کے دفتری حکم نامہ نمبر ______ مورخہ ______ کی رو سے پانچ نئے محاسب آپ کی نظامت میں تعینات کر دیے گئے ہیں۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت محاسبہ وحسابات

ادارہ ترقیات، اسلام آباد

موضوع : محاسب کی اسامیوں کے لیے انٹرویو

ازراہ کرم اپنے دفتری حکم نامہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ کریں جس کی رو سے پانچ نئے محاسب اس نظامت میں تعینات کیے گئے ہیں۔

۲۔ اس نظامت کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ یہاں آٹھ محاسبوں کی جگہ خالی ہے اور گذشتہ ماہ سے کئی صیغوں کا کام متاثر ہو رہا ہے لیکن تعیناتی صرف پانچ محاسبوں کی کی گئی ہے۔ یہ اس لیے بھی ناقابل فہم ہے کہ انٹرویو کے لیے تقریباً بیس امیدوار انٹرویو کمیٹی کے سامنے پیش ہوئے تھے۔

۳۔ ازراہ کرم تین اور محاسب تعینات کیے جائیں۔

....

ناظم

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ وحسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : محاسب کی اسامیوں کے لیے انٹرویو

ازراہِ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ کریں، جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ مزید تین محاسب آپ کی نظامت میں تعینات کیے جا رہے ہیں۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ و حسابات

نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت محاسبہ و حسابات

ادارۂ ترقیات اسلام آباد

موضوع: ڈویژنل (Divisional) حساب داروں کے تبادلے

ازراہ کرم اپنے دفتری حکم نامہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس کی رو سے دو قسمی (ڈویژنل) حساب داروں کے ایک نظامت سے دوسری نظامت میں تبادلے کیے گئے ہیں۔

۲۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ایسے تبادلے اس نظامت سے مشورہ کیے بغیر پہلے کبھی نہیں ہوئے بلکہ اس نظامت کی سفارش یا تجویز کی بنیاد پر ہی حساب داروں کے تبادلے کیے جاتے ہیں کیونکہ یہ نظامت ہی ان کی انچارج ہے نیز یہ نظامت ہی بہتر طور پر فیصلہ کر سکتی ہے کہ کون سا حساب دار کون سی نظامت کے لیے زیادہ موزوں ہے۔

۳۔ ازراہ کرم مذکورہ بالا دفتری حکم نامہ منسوخ کیا جائے اور آئندہ اس نظامت کے عملے کے کسی رکن کا تبادلہ مشورے کے بغیر نہ کیا جائے۔

ناظم

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ و حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع: ڈویژنل (Divisional) حساب داروں کے تبادلے

ازراہ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ مذکورہ بالا تبادلے متعلقہ ناظمین کی درخواست پر ہی کیے گئے تھے تاہم آئندہ آپ کی نظامت سے مشورہ کرنے کے بعد ہی تبادلے کے احکام جاری کیے جائیں گے۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت انتظامیہ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــــ

نظامت محاسبہ وحسابات

ادارۂ ترقیات اسلام آباد

موضوع: مستعار الخدمتی (وفدیت) کے عرصہ میں توسیع ــــ افسر حسابات

جناب ــ ــ ــ افسر حسابات اس نظامت میں تین سال سے کام کر رہے ہیں۔ ان کا محکمۂ مالیات، حکومتِ پنجاب سے تعلق ہے۔ مستعار الخدمتی (وفدیت) تین سال کے عرصے کے لیے تھی۔

۲۔ چونکہ ــ ــ ــ ــ افسر حسابات کی کارکردگی اس نظامت میں بہت اچھی رہی ہے اور پہلے ہی دو افسرانِ حسابات کی اسامیاں خالی پڑی ہیں اس لیے گذارش ہے کہ ادارہ کے مفاد کے لیے محکمہ مالیات پنجاب سے ان کی مستعار الخدمتی (وفدیت) کے عرصہ میں ایک سال توسیع کرنے کے لیے درخواست کی جائے۔

ناظم

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ وحسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــــ

نظامت انتظامیہ

ادارۂ ترقیات اسلام آباد

موضوع : مستعار الخدمتی کے عرصہ میں توسیع ــــــ افسرِ حسابات

جناب .... افسرِ حسابات تین سال سے اس ادارے میں مستعار الخدمتی (وفدیت) میں کام کر رہے ہیں اُن کا عرصہ مورخہ ــــــــ کو پورا ہو رہا ہے۔

۲- چونکہ مذکورہ بالا افسر کی کارکردگی بہت اطمینان بخش رہی ہے اور اس ادارہ میں پہلے ہی بنیادی سکیل ۱۷ کے افسرانِ حسابات کی قلت ہے اس لیے گذارش کی جاتی ہے کہ افسر مذکورہ کے مستعار الخدمتی کی میعاد میں ایک سال کی توسیع کی جائے۔

ناظم انتظامیہ

محکمۂ مالیات حکومت پنجاب، لاہور

نظامتِ انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

محکمہ مالیات

حکومت پنجاب لاہور

موضوع : مستعار الخدمتی (وفدیت) کی میعاد میں توسیع ــــــ افسرِ حسابات

از راہِ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ کی طرف رجوع کریں۔

۲- اس سلسلے میں آپ کی توجہ امور عملہ ڈویژن راولپنڈی کی دفتری یادداشت نمبر ــــــــ مورخہ کی طرف مبذول کرائی ہے جس کی رُو سے تین سال سے زیادہ عرصہ کے لیے مستعار الخدمتی (وفدیت) کا معاملہ امور عملہ ڈویژن سے منظور کرانا پڑتا ہے۔ اس لیے آپ امور عملہ ڈویژن سے رجوع کریں۔ اس محکمہ کو توسیع پر اعتراض نہیں ہے۔

افسر صیغہ

نظامت انتظامیہ - ادارہ ترقیات اسلام آباد

محکمہ مالیات حکومت پنجاب غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نظامتِ انتظامیہ

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : مستعار الخدمتی (وفدیت) کی میعاد میں توسیع ـــــ افسرِ حسابات

از راہِ کرم اس کیفیت کے ساتھ محکمۂ مالیات حکومت پنجاب لاہور کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی نقل ملاحظہ کریں جس میں انہوں نے جناب ـــــ افسرِ حسابات کی مستعار الخدمتی وفدیت کی میعاد میں ایک سال توسیع پر رضا مندی ظاہر کر دی ہے۔

٢۔ چونکہ امور عملہ ڈویژن کی رضا مندی ضروری ہے اس لیے از راہِ کرم اجازت عطا کی جائے۔

ناظم انتظامیہ

جناب ـــــ نائب معتمد امور عملہ ڈویژن، راولپنڈی

نظامت انتظامیہ ادارہ ترقیات غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نظامت محاسبہ وحسابات

ادارۂ ترقیاتِ اسلام آباد

موضوع : مستعار الخدمتی (وفدیت) کی میعاد میں توسیع ـــــ افسرِ حسابات

از راہِ کرم اس نظامت کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف توجہ مبذول کریں جس میں جناب ـــــ افسرِ حسابات کی مستعار الخدمتی (وفدیت) کی میعاد میں توسیع کے لیے درخواست کی گئی تھی۔

٢۔ از راہِ مہربانی معاملے کی تازہ ترین صورت سے مطلع کریں۔

ناظم

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ وحسابات ادارہ ترقیات غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع: مستعار الخدمتی (دفدیت) کی میعاد میں توسیع ـــــ افسر حسابات

بحوالہ موضوع بالا پر آپ کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

۲- اس مسئلے کے لیے محکمۂ مالیات حکومت پنجاب سے رابطہ قائم کیا گیا تھا۔ لیکن انہوں نے ہدایت کی تھی کہ توسیع کے لیے امور عملہ ڈویژن اسلام آباد سے قائم کی اجازت لی جائے۔ اس نظامت نے امور عملہ ڈویژن سے رابطہ قائم کیا ہوا ہے۔ ان کا جواب آنے پر آپ کو صورتِ حال سے مطلع کر دیا جائے گا۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات، اسلام آباد

موضوع: مستعار الخدمتی (دفدیت) کی میعاد میں توسیع ـــــ افسر حسابات

از راہِ کرم اس نظامت کی غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی طرف توجہ کریں جو موضوع بالا سے متعلق ہے۔

۲- امور عملہ ڈویژن اسلام آباد نے ایک سال توسیع کی اجازت دے دی ہے۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت انتظامیہ، غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نظامت انتظامیہ

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع : معاوضہ بعوض رخصت ـــــ مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین

ادارہ میں کام کرنے والے ایک مستعار الخدمت (وفدی) ملازم نے درخواست دی ہے کہ چونکہ اس کی جمع شدہ رخصت، جو اُس نے ادارہ میں ملازمت کے دوران کمائی ہے، حکومت کے کاغذات میں جمع شدہ رخصت میں شامل نہیں ہو سکتی اس لیے اُسے اُس کے عوض معاوضہ دیا جائے۔

۲۔ گذارش کی جاتی ہے کہ اس پر اپنی رائے/خیالات سے مستفید کریں۔

نائب ناظم

ناظم محاسبہ و حسابات

نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نظامت محاسبہ و حسابات

ادارہ ترقیات، اسلام آباد

موضوع : معاوضہ بعوض رخصت ـــــ مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین

بحوالہ آپ کی موضوع بالا پر، غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

۲۔ مورخہ ــــــ تک مستعار الخدمت (وفدی) ملازمین جو خود مختار یا نیم خود مختار محکموں/کارپوریشنوں میں کام کر رہے تھے، اپنی جمع شدہ رخصت حکومت میں واپس جاتے وقت ساتھ لے جا سکتے تھے۔ لیکن وزارت مالیات کے مراسلہ نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کے تحت یہ رعایت منقطع ہو گئی۔ اب صورت حال یہ ہے کہ مستعار الخدمت ملازمین اپنی جمع شدہ رخصت، اُس ادارے میں ملازمت کے دوران ہی میں استعمال کر سکتے ہیں جس میں وہ مستعار الخدمتی (وفدیت) پر مامور ہوں، لیکن جمع شدہ رخصت، اُن کی اُس رخصت میں جمع نہیں ہو سکتی جو حکومت کے پاس پڑی ہوئی ہے۔

۳۔ جہاں تک معاوضہ بعوض رخصت کا تعلق ہے تو اس ضمن میں وزارت مالیات/حکومت کے کوئی احکام نہیں ہیں جن کے تحت یہ معاوضہ دیا جا سکے۔

ناظم محاسبہ و حسابات

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ و حسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نظامت محاسبہ وحسابات

ادارۂ ترقیات اسلام آباد

موضوع: اندرونی محاسبہ کے لیے جماعتوں کی تشکیل ــــ عملے کی کمی

محاسبِ اعلیٰ پاکستان نے اعتراض کیا ہے کہ ادارۂ ترقیات اسلام آباد میں اندرونی محاسبہ کا کام غیر تسلی بخش ہے۔

۲۔ اس ضمن میں صورتِ حال یہ ہے کہ عملے کی کمی کی وجہ سے ہم نے اندرونی محاسبے پر مامور عملے کو نظامت کے دوسرے اہم تر شعبوں میں لگا رکھا ہے مثلاً چیکوں کی ترسیل، تنخواہ کا صیغہ وغیرہ۔ اس وقت اندرونی محاسبے پر صرف ایک جماعت مامور ہے اور وہ بھی صرف ایک حساب دار اور ایک محاسب پر مشتمل ہے جب کہ اصولی طور پر ہمیں کم از کم تین جماعتیں اس کام پر مقرر کرنی چاہئیں اور ہر جماعت ایک افسرِ حسابات، ایک حساب دار اور دو محاسبوں پر مشتمل ہونی چاہیے۔

۳۔ گزارش کی جاتی ہے کہ اس نظامت میں اندرونی محاسبے کی جماعتوں کی تشکیل کے لیے مندرجہ ذیل عملہ مہیا کیا جائے۔

افسرِ حسابات	۲	حساب دار	۳
محاسب	۵	نائب قاصد	۱

۴۔ ازراہِ کرم اس پر فوری کارروائی کی جائے۔

ناظم محاسبہ وحسابات

ناظم انتظامیہ

نظامت محاسبہ وحسابات غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نظامت انتظامیہ

ادارۂ ترقیات اسلام آباد

موضوع: اندرونی محاسبہ کے لیے جماعتوں کی تشکیل ــــ عملے کی کمی

ازراہِ کرم موضوع بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کریں۔ اس ضمن میں عرض ہے کہ عملے کی ضرورت کا تعین ادارے کا تنظیم و طریقِ کار کا (O&M) شعبہ کرتا ہے اور یہ نظامت ان کی سفارش پر ہی آپ کے عملے / افسران کی تعداد میں اضافہ کر سکتا ہے۔

ناظم

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت انتظامیہ غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

نظامت محاسبہ وحسابات

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع: محاسبہ کے اعتراضات کا جواب

ازراہ کرم اس نظامت کے مراسلہ نمبر ____ مورخہ ____ اور یاد دہانی نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں جس میں گزارش کی گئی تھی کہ محاسبہ کے اعتراضات کا جلد جواب دیا جائے تاکہ جوابات ترتیب دے کر سرکاری حسابات کمیٹی کو بھیجے جا سکیں۔

۲۔ ابھی تک آپ کے ہاں سے کوئی جواب نہیں آیا۔ جب کہ سرکاری حسابات کمیٹی کا اجلاس آئندہ ماہ منعقد ہو رہا ہے جس میں ادارہ ترقیات اسلام آباد کے بارے میں محاسب رپورٹ برائے سال ____ ۱۹ پر بحث ہوگی۔

۳۔ گذارش ہے کہ اس مسئلے کو فوقیت دی جائے۔

ناظم محاسبہ وحسابات

۱۔ ناظم تعمیرات — ادارہ ترقیات اسلام آباد
۲۔ ناظم نگہداشت — ادارہ ترقیات اسلام آباد
۳۔ ناظم عمارات — ادارہ ترقیات اسلام آباد

نظامت محاسبہ وحسابات۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نظامت تعمیرات

ادارہ ترقیات اسلام آباد

موضوع: محاسبہ کے اعتراضات کا جواب

بحوالہ آپ کی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲۔ متعلقہ نائب ناظمین کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ جلد از جلد جواب دیں۔

ناظم تعمیرات

ناظم محاسبہ وحسابات

نظامت تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

نظامت تعمیرات

ادارۂ ترقیاتِ اسلام آباد

موضوع: نائب ناظم کی تقرری

از راہِ کرم اپنے دفتری حکم نامہ نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس کی رُو سے جناب ______ نائب ناظم، نظامت تعمیرات کو نظامتِ عمارات میں تبدیل کر دیا گیا تھا اور نظامتِ ہذا کو حکم دیا گیا تھا کہ انھیں فوری طور پر سبکدوش کر دیا جائے۔

۲۔ حسبِ ایما جناب ______ کو سبکدوش کر دیا گیا تھا لیکن اب تک اُن کی جگہ کسی نائب ناظم کو تعینات نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے نظامتِ تعمیرات کا کام متاثر ہو رہا ہے اور کئی اہم منصوبے التوا کی نذر ہو رہے ہیں۔
از راہِ کرم کسی مناسب افسر کو جلد از جلد تعینات کیا جائے۔

ناظم تعمیرات

ناظم انتظامیہ ادارہ ترقیات اسلام آباد

نظامت تعمیرات غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: صوبائی افسروں کا وفاقی حکومت میں تقرر

یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا صوبائی حکومت کے گریڈ ۱۷- اور اوپر کے افسروں کا وفاقی حکومت میں تقرر، وفاقی حکومت سے منظور کرانا چاہیے یا نہیں اور اگر کرانا چاہیے تو کس قانونی شرط کے تحت؟

۲۔ انصاف ڈویژن کی خدمت میں گزارش ہے کہ اپنی رائے سے نوازیں۔

نائب معتمد

انصاف ڈویژن اسلام آباد

امور عملہ ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

انصاف ڈویژن

موضوع : **صوبائی افسروں کا وفاقی حکومت میں تقرر**

از راہِ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں جس میں موضوعِ بالا سے متعلق سوال پوچھا گیا ہے۔

۲۔ سول ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء کی دفعہ ۲ کے تحت، جو ملازمین صوبائی حکومت یا کسی اور ادارے سے آ کر وفاقی حکومت میں مستعار الخدمتی (وفدیت) پر کام کر رہے ہیں انہیں "سول ملازم" کی تعریف سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے اس لیے "سول ملازم" کے لیے بنائے گئے قوانین کا ان ملازمین پر اطلاق نہیں ہوتا۔

نائب معتمد

امور عملہ ڈویژن

انصاف ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

راولپنڈی

موضوع : **مسلح افواج کے فارغ ملازمین کی عمر میں رعایت**

از راہِ کرم سینٹ سیکریٹریٹ اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کرے جو مندرجہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

۲۔ چونکہ مسلح افواج کے تمام فارغ ملازمین پنشن کے حقدار نہیں ہیں اس لیے اُن معاملات میں رعایت دی گئی جن میں کسی ملازم نے کم از کم دس برس تک مسلح افواج میں کام کیا ہو۔ اسی لیے ہمارا گشتی مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ جاری ہوا۔

۳۔ سینٹ سیکریٹریٹ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جناب دارا علیٰ محاصل پاکستان سے صورتِ حال کی وضاحت کریں اور درخواست کریں کہ جناب ______ کا بل پاس کر دیں۔

نائب معتمد

سینٹ سیکریٹریٹ اسلام آباد

امور عملہ ڈویژن راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: شریک معتمد اور اس سے اوپر کے افسروں کی تقرری، تبادلے کا اعلان

ازراہِ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف جو موضوعِ بالا پر ہے رجوع کریں۔

۲۔ اگر تقرری صدر یا وفاقی حکومت کی طرف سے ہوتی ہے تو صوبائی حکومت وفاقی حکومت سے آنے والے افسر کے تبادلے کے سلسلے میں صرف اعلان جاری کرے گی۔ اگر کوئی افسر خواہ وہ صوبائی حکومت کا ہے یا وفاقی حکومت کا جب بھی صوبے سے وفاقی حکومت کو منتقل کیا جا رہا ہو تو صوبائی حکومت ہر حال میں وفاقی حکومت سے مشورہ کرے گی۔

نائب معتمد

حکومت بلوچستان

امور عملہ ڈویژن حکومت پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان

وزارت ثقافت و سیاحت

موضوع: مجلسِ معتمدین کا آئندہ اجلاس

آپ کی توجہ، مندرجہ بالا موضوع پر اس دفتر کی غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے۔

۲۔ دوبارہ گذارش ہے کہ ٹھوس تجاویز مع تفصیلات کے جو بھی اجلاس میں زیرِ غور لائی جاتی ہیں، زیرِ دستخطی کو فوراً ارسال کریں۔ اگر کوئی تجویز بھی پیش نہیں ہوتی تو اس کے مطابق رپورٹ ارسال کردیں۔

نائب معتمد

۱۔ شریک معتمد (ثقافت)

۲۔ شریک معتمد (انتظامیہ و کھیل)

۳۔ تمام نائب معتمدین

صیغۂ انتظامیہ۔ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان

وزارت امور خارجہ

موضوع: پاکستان اور پاکستانی سفارت خانوں کے درمیان تبادلے

______ ۱۹ء میں حکومت پاکستان امور عملہ ڈویژن نے فیصلہ کیا تھا کہ پاکستان کے دو حصوں کے درمیان اور پاکستان اور پاکستانی سفارت خانوں کے درمیان تبادلے کم از کم تین سال کے عرصے کے بعد کیے جائیں اور اگر اس سے پہلے کرنے پڑیں تو امور عملہ ڈویژن سے اجازت لی جائے۔

۲۔ لیکن اس وزارت کے کام کی نوعیت، اس پابندی سے متاثر ہوتی تھی، عملے کی کمی، بعض افسروں کی بعض سفارت خانوں سے مناسبت یا عدم مناسبت اور کچھ دیگر وجوہات کی بنا پر وزارت ہذا نے استثنا کی درخواست کی لیکن امور عملہ ڈویژن نے اتفاق نہ کیا۔

۳۔ معتمد (انتظامیہ) نے حال ہی میں اس مسئلے پر معتمد امور عملہ ڈویژن سے گفتگو کی اور مؤخر الذکر رضامند ہو گئے ہیں کہ وزارت خارجہ کو مستثنیٰ کر دیں۔ یہاں یہ ذکر نامناسب نہ ہوگا کہ سفارت خانوں کے سربراہوں کی تقرریاں / تبادلے وزیر اعظم کے حکم پر کیے جاتے ہیں۔

۴۔ سیکرٹری امور عملہ ڈویژن کی خدمت میں درخواست ہے کہ باضابطہ طور پر وزارت کو اجازت دیں کہ وہ تین سالہ مدت سے پہلے بھی، امور عملہ ڈویژن سے پوچھے بغیر تبادلے کر سکے۔

معتمد (انتظامیہ)

معتمد امور عملہ ڈویژن

وزارت امور خارجہ غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: وفاقی کمیشن برائے سرکاری ملازمت کو درخواستیں ارسال کرنے میں تاخیر

وفاقی کمیشن برائے سرکاری ملازمت نے شکایت کی ہے کہ مختلف امتحانوں / تقرریوں کے امیدواروں کی درخواستیں، جو سرکاری ملازم ہوتے ہیں، متعلقہ محکمے / وزارتیں تاخیر سے ارسال کرتے ہیں حتیٰ کہ بعض اوقات کمیشن کی مقرر کردہ آخری تاریخ بھی گذر چکی ہوتی ہے۔ کمیشن نے یہ بھی کہا ہے کہ اس تاخیر میں امیدواروں کا کوئی قصور نہیں ہوتا اور تاخیر متعلقہ محکموں کی جانب سے ہوتی ہے۔

۲۔ تمام وزارتوں اور اُن کے ذیلی محکموں کی خدمت میں گذارش ہے کہ جملہ درخواستیں، جو کمیشن کے نام ہوں، بروقت بھیجی جائیں کیونکہ کمیشن اس کے بعد تاخیر قبول نہیں کرے گا۔

۳۔ کسی بھی امیدوار کو انٹرویو یا امتحان یا تقرری کے مواقع سے صرف تاخیر کی وجہ سے، محروم کر دینا، ویسے بھی ایک غیر ذمہ دارانہ فعل ہے۔

نائب معتمد

تمام وزارتیں / ڈویژن

امور عملہ ڈویژن راولپنڈی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: نوٹس کی وجہ سے تنخواہ کی ضبطی

از راہِ کرم اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں جس میں مندرجہ بالا موضوع سے متعلق سوال پوچھا گیا ہے۔

۲۔ اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ اگر نوٹس کے بغیر استعفیٰ پیش کرنے والا سرکاری ملازم، عارضی ہو تو سربراہِ محکمہ کو اختیار ہے کہ ملازم کے حالات کے پیشِ نظر، تنخواہ ضبط نہ کرے اور استعفیٰ منظور کرے۔

افسر صیغہ

صحت ڈویژن

امور عملہ ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

امور عملہ ڈویژن

موضوع: گریڈ ۱۵۔ اور اُس سے نیچے کی بھرتی کے بارے میں استفسارات

اس ڈویژن کے علم میں یہ بات لائی گئی ہے کہ مختلف وزارتیں/ڈویژن گریڈ ۱۵ اور اس سے نیچے کی بھرتی کے بارے میں سرکاری ملازمتوں کے وفاقی کمیشن کو استفسارات بھیج رہے ہیں۔

۲۔ اس ضمن میں اس ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف توجہ مبذول کرائی جاتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کمیشن تقرریوں کے بارے میں صدر پاکستان کو مشورے دے گا اور یہ ان اسامیوں کے بارے میں ہوں گے جن کی بھرتی کمیشن کے ذریعے ہوتی ہے۔

۳۔ وزارتوں اور ڈویژنوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ گریڈ ۱۵ اور اس سے نیچے کی بھرتی کے قوانین کے بارے میں کمیشن سے استفسارات نہ کیے جائیں۔

نائب معتمد

تمام ڈویژن / وزارتیں

امور عملہ ڈویژن، غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حساب دارِ اعلیٰ

محاصل پاکستان

موضوع: جناب ______ سابق معتمد کا بیرونِ ملک علاج

پیرا ______ عمومی مالیاتی قوانین جلد ______ کی طرف توجہ مبذول کرائی جاتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگر ضروری ہو تو صرف مالیات ڈویژن ہی حکومت کو پیش آنے والے نقصان کو قلم زد کر سکتی ہے۔

زیرِ نظر معاملے میں جب تک مالیات ڈویژن قلم زد نہیں کرتی پیشگی لی ہوئی رقم محکمے کے ذمے واجب الادا ہی رہے گی۔ اس لیے قلم زدگی کی منظوری جاری کی جائے۔

اضافی حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: وفاقی سیکریٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین کو مخصوص الاؤنس کی منظوری

بحوالہ حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ جو درج بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

۲۔ جن حالات کی آپ نے وضاحت کی ہے ان کے تحت جناب ______ کو ۲۰ فیصد شرح کے حساب سے خاص الاؤنس نہیں مل سکتا۔

افسرِ صیغہ

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن، غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حساب دارِ اعلیٰ

محاصلِ پاکستان

موضوع: وفاقی سیکرٹیریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

مالیات ڈویژن کی توجہ موضوع بالا پر ان کی دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— کی طرف دلائی جاتی ہے۔

۲- جناب ——— سینئر انجینئر کو جو واپڈا میں گریڈ ۱۸ میں ہیں لیکن پیش روی (Move over) کی وجہ سے گریڈ ۱۹ کی تنخواہ لے رہے تھے، مستعار الخدمتی (وفدیت) کے تحت منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن میں نائب سربراہ (ڈپٹی چیف) کے طور پر لگایا گیا۔ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— کی رُو سے خاص الاؤنس صرف اُن ۲۰ کے افسروں کو مل سکتا ہے جو ڈپٹی سیکرٹری یا اُس کے برابر عہدوں پر لگے ہوئے ہوں۔

۳- مالیات ڈویژن سے گذارش ہے کہ ازراہِ کرم وضاحت کریں کہ کیا مذکورہ بالا الاؤنس اس صورتِ حال میں دیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

نائب حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

مالیات ڈویژن

اسلام آباد

موضوع: وفاقی سیکرٹیریٹ میں نائب معتمد لگنے والے فیلڈ (بیرونی) افسروں کو مبلغ ۱۰۰ روپے خاص تنخواہ کی منظوری

بحوالہ حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ——— جو موضوع بالا کے بارے میں ہے۔

۲- ۲۰ فی صد شرح کے حساب سے خاص الاؤنس نائب معتمدین اور اُن کے برابر کے افسروں کو خاص تنخواہ کی جگہ پر دیا جا رہا ہے۔ اس لیے اصطلاح "فیلڈ" افسران" کی اس ضمن میں تعبیر و تعیّن کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ملتوی شدہ معاملات پر یہ ڈویژن انفرادی لحاظ سے غور کرے گا۔ چنانچہ ملتوی شدہ معاملات کو مع کوائف کے اس ڈویژن کو ارسال کر دیں۔

افسر صیغہ

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ——— مورخہ ———

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: وفاقی سیکریٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور اُن کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

بحوالہ حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان کی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ جو موضوعِ بالا سے متعلق ہے۔

۲۔ توثیق کی جاتی ہے کہ ۲۰ فی صد شرح پر جو خاص الاؤنس، وفاقی سیکریٹریٹ میں نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کو دیا جاتا ہے۔ وہ سکیل ۲۰ میں پیش روی (Move over) اگلے سکیل میں جانے) کے بعد بھی دیا جا سکتا ہے جیسا کہ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ میں تشریح کی گئی ہے۔ تاہم یہ سکیل ۱۹ کی زیادہ سے زیادہ تنخواہ کے ۲۰ فی صد سے زائد نہیں ہو گا۔

نائب معتمد

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

حکومت پاکستان

حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان

موضوع: وفاقی سیکریٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

مالیات ڈویژن از راہِ کرم موضوعِ بالا پر اپنی غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کریں۔

۲۔ نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کو وفاقی سیکریٹریٹ میں ۲۰ فی صد کی شرح سے خاص الاؤنس دیا جاتا ہے۔

۳۔ ان میں سے کچھ افسر پیش روی (Move over) کی وجہ سے مساوی شرح سکیل ۲۰ کی تنخواہ لیتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خاص الاؤنس جو ۲۰ فی صد کی شرح سے سکیل ۱۹ میں ملتا تھا کیا اب بھی انھیں مل سکتا ہے یا نہیں۔

اضافی حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

حساب دار اعلیٰ محاصل پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

ذیلی دفتر

حساب دارِ اعلیٰ

محاصل پاکستان گلگت

موضوع: وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

ازراہِ کرم وضاحت کی جائے کہ وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین جو شمالی علاقوں میں اضافی کمشنر وغیرہ کے طور پر تعینات کیے جاتے ہیں کیا مذکورہ بالا خاص الاؤنس لے سکتے ہیں یا نہیں۔

نائب حساب دارِ اعلیٰ

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد

ذیلی دفتر حساب دارِ اعلیٰ غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

ازراہِ کرم حساب دارِ اعلیٰ موضوع بالا پر ہماری غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف رجوع کریں "اضافی معتمد خاص" کے الفاظ جو تیسری سطر میں ہیں ان کی جگہ "اضافی ذاتی معتمد" پڑھا جائے۔

افسرِ صیغہ

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان، اسلام آباد۔

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

ازراہِ کرم حساب دارِ اعلیٰ موضوع بالا پر اس ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ کی طرف رجوع کریں۔ اس میں جو اسامیاں مذکور ہیں اُن میں اضافی معتمد خاص برائے وزیراعظم سکیل ۱۹ کا خاص الاؤنس بطور جواز کے لیے اضافہ کر لیا جائے۔

افسرِ صیغہ

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان

مالیات ڈویژن

موضوع: وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خاص الاؤنس کی منظوری

۱۔ بحوالہ مالیات ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

۲۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ وفاقی سیکرٹریٹ میں کام کرنے والے نائب معتمد اگر وفاقی وزیر/ وزیر مملکت کے معتمد خاص بنیں تو انہیں یہ اختیار ہے کہ یا ۲۰ فی صد کی شرح سے خاص الاؤنس لیں یا وہ خصوصی تنخواہ وغیرہ جو عام طور پر معتمد خاص لیا کرتے ہیں کیونکہ دونوں الاؤنس مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ______ مورخہ ______ کے مطابق بیک وقت نہیں لیے جا سکتے۔

نائب معتمد

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

ذیلی دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان
پشاور

موضوع: وفاقی/صوبائی حکومت کے ملازمین کے لیے جو افغان مہاجرین کی بلوچستان یا سرحد میں تنظیموں میں مستعار الخدمتی پر مامور ہیں خصوصی متلافی الاؤنس کی منظوری

حکومت پاکستان سرحدی امور ڈویژن کے مراسلہ نمبر ______ مورخہ ______ کی رُو سے صدر پاکستان نے ان صوبائی/وفاقی ملازمین کے لیے خصوصی متلافی الاؤنس کی منظوری دی ہے۔ جو پشاور اور کوئٹہ میں واقع افغان مہاجرین کی تنظیموں میں کام کر رہے ہیں۔ یہ الاؤنس مورخہ ______ سے ۱۰ فی صد کی شرح پر ہوگا۔

۲۔ ازراہِ کرم وضاحت کی جائے کہ جو ملازمین پشاور کے علاوہ دوسرے شہروں میں تعینات ہیں کیا اُن کو بھی یہ الاؤنس دیا جا سکتا ہے۔

معاون حساب دارِ اعلیٰ

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان اسلام آباد

ذیلی دفتر حساب دارِ اعلیٰ پشاور غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حکومت پاکستان
مالیات ڈویژن

موضوع: نائب معتمدین اور ان کے برابر افسروں کو خصوصی الاؤنس کی منظوری

بحوالہ اس ڈویژن کی غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______ جو مذکورہ بالا موضوع کے بارے میں ہے۔

گزارش کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا کیفیت میں شمارہ ۴ میں عہدہ "ناظم منصوبہ بندی عملہ ڈویژن" کو "ناظم افرادی دستاویزات" پڑھا جائے۔ اسی طرح شمارہ نمبر ۸ میں ڈویژن کے نام کو سائنس اور ٹیکنالوجی ڈویژن پڑھا جائے۔

افسرِ صیغہ

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان، اسلام آباد

مالیات ڈویژن اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ______ مورخہ ______

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع: تکنیکی اور پیشہ ورانہ ملازمین کے لیے اہلیت الاؤنس

مالیات ڈویژن از راہِ کرم مذکورہ بالا موضوع پر اپنی دفتری یادداشت نمبر ____ مورخہ ____ کی طرف توجہ دیں۔

۲۔ اس یادداشت کے پیرا ۱ اور ۳ کے مندرجات سے ظاہر ہے کہ ان کا اطلاق صرف گریڈ ۱۷ اور ۱۸ کے تکنیکی اور پیشہ ورانہ ملازمین پر ہے۔ اس ضمن میں یہ ذکر کر دینا مناسب ہوگا کہ مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ____ مورخہ ____ کی رُو سے پیشگی سالانہ اضافے کا فائدہ صرف گریڈ ۱۸ کے ملازمین کو دیا گیا تھا۔

۳۔ گریڈ ۱۹ اور اس کے اوپر کے افسر اس الاؤنس کا تقاضا کر رہے ہیں اس لیے از راہِ کرم وضاحت کی جائے کہ کیا اہلیت الاؤنس تمام درجوں کے ملازمین کے لیے ہے یا صرف گریڈ ۱۸ تک کے ملازمین کے لیے ہے۔

اضافی حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان

اسلام آباد

موضوع: نائب معتمدین اور وفاقی سیکرٹیریٹ میں تعینات فیلڈ (بیرونی) افسروں کے لیے خصوصی تنخواہ کی منظوری

اس دفتر نے مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت پر نمبر ____ مورخہ ____ جو مذکورہ بالا موضوع کے بارے میں ہے، غور کیا ہے۔ چند نکات وضاحت طلب ہیں مثلاً:

۱۔ نائب معتمدین کے برابر کون کون سے افسر ہیں؛

۲۔ فیلڈ افسر کی کیا تعریف ہوگی؛ اور

۳۔ ان افسروں کی پوزیشن کیا ہوگی جو سیکرٹیریٹ کے باہر سے لائے گئے لیکن اب سیکرٹیریٹ گروپ میں ضم کیے جا چکے ہیں۔

از راہِ کرم ان نکات کی جلد از جلد وضاحت کی جائے۔

اضافی حساب دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصل پاکستان اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ____ مورخہ ____

حساب دارِ اعلیٰ
محاصل پاکستان اسلام آباد

موضوع : وفاقی سیکرٹریٹ میں تعینات نائب معتمدین اور ان کے برابر کے افسروں کے لیے خصوصی الاؤنس کی منظوری

مالیات ڈویژن کی دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ کی رُو سے ان تمام افسروں کو ان کی بنیادی تنخواہ کے ۲۰ فی صد کے برابر خصوصی الاؤنس دیا گیا ہے جو وفاقی سیکرٹریٹ میں نائب معتمد یا اُن کے مساوی تعینات کیے گئے ہیں۔ لیکن یہ دفتری یادداشت اس بارے میں خاموش ہے کہ آیا یہ الاؤنس "مالی قواعد" (F.R.) ـــــ کے پیرا ـــــ کے تحت آتا ہے یا نہیں یعنی جن ملازمین کو سرکاری رہائش گاہ مہیا کی گئی ہے اُن کے ضمن میں مکان کا کرایہ اس الاؤنس سے وضع کرنا ہے یا نہیں۔

حسابِ دارِ اعلیٰ

مالیات ڈویژن اسلام آباد

دفتر حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان اسلام آباد، غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

فوری

قومی اسمبلی سوال

حکومت پاکستان
کابینہ ڈویژن
اسلام آباد

موضوع : سوال ـــــ قومی اسمبلی

ازراہِ کرم قومی اسمبلی کا سوال نمبر ـــــ ملفوف ملاحظہ کریں۔

۲۔ اس ضمن میں گذارش ہے کہ متعلقہ جواب، مع اضافی مواد کے، اس ڈویژن کو مورخہ ـــــ تک پہنچ جانا چاہیے تاکہ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو بروقت مہیا کیا جا سکے۔ سوال اور جواب کا اردو ترجمہ بھی ہمراہ ہونا چاہیے۔

نائب معتمد

صدر نشین، محکمۂ ترقیات اسلام آباد

کابینہ ڈویژن اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نقل بنام ـــــ ناظم محکمہ ترقیات اسلام آباد

حکومت پاکستان

اقتصادی امور ڈویژن

اسلام آباد

موضوع : افریقی ممالک کے ساتھ مشترکہ وزارتی کمیشن

وزارتِ خارجہ نے اس صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ تجارتی، ثقافتی اور تعلیمی میدانوں میں افریقی ممالک کے ساتھ پاکستان کے روابط سرد پڑ رہے ہیں جب کہ علاقے کے دوسرے ممالک ان میدانوں میں بہت محنت کر رہے ہیں اور کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں اس ضمن میں وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ مندرجہ ذیل ممالک کے ساتھ متحدہ وزارتی کمیشن قائم کرنے کے امکانات اور ممکنہ فوائد کے بارے میں ایک رپورٹ پیش کی جائے۔

۱- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۲- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۳- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۴- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۵- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۶- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۷- ــــ ــــ ــــ ــــ ــــ

۲- آپ کی خدمت میں گذارش ہے کہ اپنے متعلقہ شعبوں کے بارے میں

ہمیں مورخہ ــــــ تک تفصیلی رپورٹ بھیج دی جائے تاکہ وزارت خارجہ کا مطالبہ پورا کیا جاسکے۔

نائب معتمد

ثقافت ڈویژن اسلام آباد

وزارت تعلیم اسلام آباد

وزارت تجارت اسلام آباد

اقتصادی امور ڈویژن اسلام آباد غیر رسمی کیفیت نمبر ــــ مورخہ ــــــ